٭٭٭

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَاةِ
اے لوگو جو ایمان لائے ہو، جس وقت کہ پکارا جائے واسطے نماز کے

مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ
دن جمعہ کے، پس شتاب کرو طرف یاد خدا کے اور چھوڑ دو بیچنا۔

الحمد للہ والمنۃ

مجموعہ خطب از منظوم حضرت مولنا مولوی محمد عبد الحمید خان صاحب
امام فیوض آثار مسجد چودھری سہاور

مجموعہ خطب احمدیہ

مسجع اردو و منظوم کلاں

بحسب فرمائش حاجی محمد محی الدین حنفی القادری عسکر بنگلور

در مطبع نبوی سلطان الاخبار بنگلور طبع شد

طبع دوم تعداد ۵۰۰

قیمت اول ۱۲ آنہ (ملنے کا پتہ:- ابو السعود محمد عبد الرزاق تاجر کتب و مینیجر کتب خانہ قادریہ سوچی بازار بنگلور کنٹونمنٹ) قیمت دوم ۱۴ آنہ

ضروری یادداشت

خطبات کے متعلق مولانا ابوالکلام آزاد کا تبصرہ نہایت ہی غور سے پڑھنے اور عمل کرنے کے لائق ہے اس لئے اس کو ذیل میں درج کیا جاتا ہے تاکہ عوام خطبات جمعہ و عیدین کے مفہوم کو اچھی طرح سے سمجھ لیں

مسئلۂ خطباتِ جمعہ و عیدین

جمعہ کا اجتماع اور حکم خطبہ مسلمانوں کے فلاح دارین کا وسیلۂ عظمیٰ تھا اس سے مقصود یہ تھا کہ ہفتہ میں ایک بار لوگوں کو اُن کی حالت اور ضرورت کے مطابق ہدایت و ارشاد کی دعوت دی جائے۔ اور امر بالمعروف نہی عن المنکر کا ایک دائمی ذریعہ ہو۔

خطبہ دراصل ایک وعظ تھا جیسا کہ وعظ ہوتا ہے آں حضرت صلعم کے بعد خلفاء راشدین کا یہی حال رہا، اور تمام عربی حکومتیں جو اُس کے بعد قائم ہوئیں، ان میں بھی خلفاء و سلاطین کو مساجد کے منبروں پر وعظ کرتے ہوئے تاریخ میں دیکھا جا سکتا ہے حقیقت خطبہ کے لئے کتب صحاح کے ابواب متعلق جمعہ و خطبہ کی احادیث دیکھنی چاہئیں۔

لیکن ہماری اصلی مصیبت ہمارے حالات میں نہیں ہے کہ وہ نتائج ہیں۔ اس کا اصلی منبع ہمارے اعمال کے تحریف و نسخ میں ہے کہ وہی علل و اسباب ہیں شخصی حکومتوں کے قیام عجمی سلاطین کی کثرت، سلطنت خلفاء راشدین کے ضیاع اور جہل و غفلت کے استیلاء نے ہر اسلامی عمل کو ایک لباس ظاہر دے کر اس کی روح حقیقت سلب کر لی ہے۔ خطبہ جمعہ اور عیدین و نکاح کا بھی یہی حال ہے۔

اب خطبے کے سننے پر رہ گئے ہیں - کہ عربی زبان میں ایک چھپی ہوئی کتاب جو بازار سے خرید لی جائے اور الف
لیلہ کی طرح اس میں سے ایک خطبہ غلط سلط پڑھ کر سنا دیا جائے آواز بشدت کریہہ ہو اور لب و لہجہ میں عربیت
پیدا کرنے کے لئے ہر جگہ تفخیم و ثقالت سے کام لیا جائے، بعض لوگ قرآن شریف کی حاصل کردہ قرأت کو اس
میں بھی صرف کرتے ہیں اور پھر جو شخص ہر لفظ کے آخری حرف کو پوری سانس میں کھینچ کر پڑھتا ہے وہ سب سے بڑا قاری ہے
بسا اوقات غریب پڑھنے والا بھی نہیں جانتا کہ میں کیا پڑھ رہا ہوں ؟ الف لیلہ کی ایک رات کا افسانہ
ہے، سیفو کی کوئی حکایت ہے، یا ارشاد و ہدایت امت کا وہ عظیم و جلیل عمل اقدس جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ
کے منبر پر کھڑے ہو کر مجھ کو انجام دینا پڑتا ہے، پھر سننے والوں کی مصیبت کا کیا پوچھنا؟ کوئی اونگھتا ہے کوئی اپنے
ساتھیوں سے صبح کے بازار کا بھاؤ پوچھتا ہے -

یہ تمسخر انگیز تذلیل ہے اس مذہب کے اعمال دینیہ کی جس کے داعی اول نے اپنے خطبات و مواعظ سے ایک بادیہ نشین
قوم کو روم و ایران کے تمدن کا مالک بنا دیا - وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلَٰكِن كَانُوا أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ
یقین کرو - کہ جب حضرت مسیح نے بنی اسرائیل کی ذلت و ہلاکت پر ماتم کیا تو شریعت موسوی کے احکام و اعمال
کا بعینہ یہی حال تھا، جو آج تم نے، خدا کی شریعت کا بنا رکھا ہے، مسیح اگر ان فریسیوں اور صدوقیوں پر روتا تھا
جو کہ بڑی بڑی آستینوں کے جبے پہنتے، ہر وقت دعائیں مانگتے، اور بڑی بڑی ہیبت تسبیحیں اپنے ہاتھوں پر رکھتے تھے
پر شریعت کے حکموں کو انھوں نے مسخ اور اعمال صالحہ کو بے اثر کر دیا تھا، تو تمہیں بھی اپنے عالموں اور صوفیوں
پر ماتم کرنا چاہیئے - جو اُن کی طرح یہ سب کچھ کرتے ہیں، پھر انہیں کی طرح حقیقت سے بھی خالی ہیں -

میں سرے سے اس امر ہی کا اشد عدو و دشمن ہوں کہ خطبے لکھے ہوئے پڑھے جائیں، یہ ایک بدعت ہے جس کا نہ قرون
مشہود لہا بالخیر میں ثبوت ملتا ہے اور نہ علت حکم اس کا موید [illegible] پس مسجدوں میں ایسے خطیب
ہونا چاہئیں، جن کو یہ قابلیت حاصل ہو کہ جمعہ کے خطبہ کے لئے تیار ہو کر آئیں اور زبانی مثل عام مواعظ کے،

لیے وعظ کہیں ضرور ہے کہ قوم کی موجودہ حالت اُن کے پیش نظر ہو جو بیماریاں آج ہمیں لاحق ہیں انہیں کا علاج بتایا
نہ کہ اُن کا جو آج سے پانچسو برس پیشتر تھیں، جو خطبات عربیہ آج کل رائج ہیں میں نے سب کو پڑھا ہے وہ تو اُس وقت
کیلئے بھی موزون نہ تھے، جس وقت کے لیے لکھے گئے تھے پھر آج کل کی حالت کا کیا ذکر

خطبہ کا یہ مطلب کس نے بتلایا ہے کہ صرف جمعہ و عیدین کے چند مسائل بیان کردیے جائیں اور کہدیا جائے کہ ایک
دن مرنا ہے پس ڈرو اور موت کو یاد کرو؟ بیشک موت کو یاد کرنے سے بڑھکر انسان کے لئے دنیا میں کوئی
نصیحت نہیں ہوسکتی - کفٰی بالموت واعظاً، مگر لیکن صرف یہ کہدینا لوگوں کے ڈرانے کے لئے کافی نہیں ہے
موت کی یاد کیساتھ اُن کو اس زندگی کا طریقہ بھی بتلانا چاہیئے، جو تذکرۂ آخرت کیساتھ مل کر انسانوں کو دونوں
جہانوں میں نجات دلاسکتی ہے، پھر مسئلہ زبان کا ہے اور ضرور ہے کہ ایک مختصر سے خطبہ ماثورہ عربیہ کے بعد وعظ
اسی زبان میں ہو جو سامعین کی زبان ہے، ورنہ سمجھ میں نہیں آتا کہ حاصل کیا؟ شریعت نے کیسی عمدہ مصلحت اس میں
رکھی ہے کہ جمعہ کے خطبے کو نماز فرض کا قائم مقام قرار دیا اور اُس کی سماعت کو فرض بتلایا امام ابوحنیفہ کے نزدیک دونوں خطبوں
کا سماع واجب ہے اور امام شافعی کے نزدیک صرف پہلے کا اس وقت نماز پڑھنا جائز نہیں اس سے مقصد یہی تھا کہ لوگ
عمل عبادت کی طرح نصائح و عبادات کو سنیں پھر اُن نصائح کو ایسا اہم ہونا چاہیئے کہ معروفیت نماز سے بھی قوم
واقف ہون کیا یہ خطبات جو آج کل سنے نہیں بلکہ اٹک اٹک کر پڑھے جاتے ہیں، اور لوگ بیٹھے ہوئے اونگھتے ہیں
یہی وہ مواعظ ہیں جن کی سماعت فرض اور اُن کی موجودگی میں نماز تک ممنوع ہے - فاین تذھبون؟ عقل و
شریعت کے لئے ماتم ہے کہ موجودہ علماء خود اس حقیقت کے عامل و اس پر پوری طرح قانع ہیں فمال ہؤلاء القوم لا یکادون یفقہون حدیثا
بڑی مصیبت یہ ہے کہ مساجد کی امامت عموماً جہلا کے ہاتھوں میں ہے اور یہ کام ایک ذریعۂ معاش بن گیا ہے
وہ بیچارے کہاں سے ایسی قابلیت لائیں کہ حسب ضرورت خطبہ دیں، اور اُس کے تمام شرائط کو پورا کریں خطبہ کے معنے تو یہ
ہیں کہ نہ صرف عام حالت کی اس میں رعایت کیجائے بلکہ گذشتہ جمعہ کے بعد جو نئے حالات و حوادث دنیا میں پیش
آگئے ہیں، اور اُن کی بنا پر مسلمانوں کو جو کچھ تعلیم کرنا ضروری ہے اُس کی بھی رعایت اُس میں ملحوظ
رہے -

فقیر ابوالکلام کان اللہ لہٗ

مطبع نبوی سلطان الاخبار بنگلور

فتوى — بسم الله الرحمن الرحيم — عرب وعجم

ما قولكم دام فضلكم ونفعنا الله بعلومكم في بلد من بلاد الاسلام واهلها لا يعلمون لسان العرب لا يفهمون معاني النصوص القرآنية والاحاديث الشريفة باللغة العربية فهل يجوز للخطيب ان يقرأ أولاً شيئاً خطبة الجمعة بالعربية ثم يترجم بلسانهم من نفس الخطبة ما يتضمن الاوامر والنواهي التي لابد منها انه يسمعها الناس فيمتنعون من المعاصي ويقترفون الحسنات من الاعمال الصالحات. بينوا توجروا.

الجواب. نعم يجوز ذلك اذا كان المترجم من المواعظ والاوامر والنواهي ما عدا القرآن العظيم والله اعلم امر برقمه خادم الشريعة والمنهاج عبد الله بن عبد الرحمن سراج الحنفي قاضي القضاة ومفتي الاقطار العربية بمكة المحمية كان الله لهما حامداً ومصلياً ومسلماً باسمه سبحانه وتعالى اثبت الجواب واستمد منه الهداية للصواب

عبد الله بن عبد الرحمن سراج الحنفي ١٣٣٥ — مكة معظمه

ما اجاب به حجة الاسلام قاضي القضاة مفتي الاقطار العربية هو موافق لمذهبنا وهو الحق والصواب وعليه سبحانه وتعالى الاعتماد. والله اعلم امر برقمه مفتي الشافعية بمكة المحمية والاقطار الحجازية الراجي غفران المساوي عبد الله بن السيد محمد صالح الزواوي كان الله لهما

عبد الله بن السيد محمد صالح الزواوي — مكة معظمه

جواب مسئلہ ا میں خطبہ عربی میں پڑھکر اسکا ترجمہ کرنا بلسان سامعین جائز ہے کیونکہ
نفس خطبہ میں اختلاف ہے کہ آیا خطبہ عربی میں ہونا شرط ہے یا نہیں امام علیہ الرحمہ کے
نزدیک شرط نہیں ہے اور صاحبین علیہما الرحمہ کے نزدیک شرط ہے مگر جسوقت خطیب
خطبہ عربی کے پڑھنے سے عاجز ہو تو اوسوقت اُنکے نزدیک بھی شرط نہیں ہے جیسا کہ
رد المحتار میں ہے لم یقید الخطبة بکونها بالعربیة اکتفاء بما قدمه فی
باب صفة الصلوٰة من انها غیر شرط ولو مع القدرة علی العربیة عنده
خلافا لهما حیث شرطاها الا عند العجز انتهی بقدر الضرورة۔ پس
اُس اختلاف سے (ترجمہ خطبہ کا جو بعد خطبہ کے کیا جاوے اور پڑھا جاوے) میں اختلاف
لازم نہیں آتا بلکہ مقصود خطبہ سے تذکیر و وعظ و نصیحت ہے اور وہ اسیوقت حاصل
ہو سکتی ہے جبکہ سامعین کی زبان میں ہو اور جو کچھ خطبہ میں پڑھا جاوے سبکا ترجمہ کرنا
جائز ہے خواہ قرآن عظیم ہو یا حدیث ہو یا اور دیگر اوامر و نواہی ہوں تخصیص کرنا کہ سوائے
قرآن عظیم کے ترجمہ کرنا جائز ہے اسکی کوئی وجہ سمجھ میں نہیں آتی کیونکہ نماز میں قرأة قرآن
فرض ہے اور یہ قرأة اُس شخص کیلئے جو عربی سے عاجز ہو نماز میں بغیر عربیّہ کے پڑھنا
جائز بالاتفاق جیسا کہ درمختار میں ہے۔ لو شرع بغیر عربیة او آمن او لبی او سلم
او سمّی عند ذبح او قرأ بها عاجزا فجائز اجماعا لیس به قرأة بغیر عربیه
یا ترجمہ قرآن کا ہوگا یا نہیں اگر ہے تو ترجمہ قرآن جائز ہوا اور تخصیص باطل و لغو ہے
اور اگر نہیں ہے تو نماز میں قرأة قرآن ادا نہیں ہوئی بلکہ قرأة غیر قرآن ہوا اور غیر قرآن بلکہ
قرأة شاذہ کے پڑھنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے جبکہ اسکو قصداً پڑھا جاوے جیسا کہ درمختار
و ردالمحتار میں ہے۔ لو قرأ بالفارسیة ای مع القدرة علی العربیة او التوراة او
الانجیل ان قصد تفسد وان ذکرا لا والحق به فی البحر الشاذ انتهی پس
تخصیص کی کوئی وجہ نہیں ہے خطبہ میں جو کچھ پڑھا جاوے سبکا ترجمہ کرنا جائز ہے خواہ قرآن

ج

عظیم ہو یا غیر ہو۔ ھذا ما ظہر لی واللہ اعلم بحقیقۃ الحال حررہ مشتاق
احمد عفا عنہ الصمد مدرس مدرسہ صولتیہ بمکۃ المعظمہ زادھا اللہ شرفا وعظما

الجواب فتوای ویلوسا۔ خطبہ کے لئے ذکر الٰہی ضروری ہے چنانچہ
فاسعوا الی ذکر اللہ آیہ قرآنی اسکا موید ہے اور عبارات فقہاء کی مثل تسبیحۃ
او تہلیلہ او تسبیحۃ اسپر شاہد ہے اگر مقصود تعلیم احکام و موعظت و تبلیغ
ہوتا تو خوف ادنی ذکر کما ہو رای الامام اور ذکر طویل کما ہو رای الطرفین کافی نہوتا
اگر کوئی واعظ منبر پر جلوہ افروز ہوا اور وعظ و احکام بیان نفرماوے بلکہ صرف ذکر الٰہی
پر کفایت کرے تو واعظ متصور نہوگا۔ بخلاف الخطیب فانہ خطیب بلاریب پس
ذکر الٰہی کے سوا موعظت یا ترغیب و ترہیب یا مناقب خلفاء راشدین از مندوبات
ومستحسنات ہیں۔ چنانچہ سلف صحابہؓ ہمیشہ عربی زبان پر خطبہ پڑھا ہے۔ فان
الذکر والدعا بالعربیۃ اسرع الی الاجابۃ ہے سنن ابوداؤد میں روایت ہے
کہ خلافت عثمانؓ میں کابل فتح ہوا باایں صحابہؓ نے تبدیل زبان خطبہ کی ضرورت
وقت نہیں کی اگرچہ ہزارہا عجم سامعین تھے بلکہ ترجمہ بھی بیان نہیں کی پس معلوم ہوا
کہ عربی زبان پر پڑھنا خطبہ کے جو ذکر الٰہی ہے سنت موکدہ ہے ہاں ترجمہ کرنا مقام
موعظت ہے جو خطبہ کے لوازم سے نہیں جائز ہے نہ کہ مفسد و مبطل خطبہ حتی یکون اعادتہا
واجبۃ فہو الجواز بمعنی عدم الفساد والبطلان لا یجوز بمعنی مجامع بالسنۃ السنیۃ والطریقۃ
الماثورۃ عن الاسلاف رضوان اللہ علیہم ومن ہہنا تسمعہم یقولون ان الصحۃ لا تنفی الکراہۃ
والبعض یجوز لا تنفیہا۔ اور حضرت مفتی سراج الاحناف کی عبارت لم یجوز ذلک سوا اذا کان
المترجم من المواعظ یؤید ما قلنا فان المترجم ہو الذکر عند الاحناف واللہ اعلم

الجواب صحیح

حررہ عبد الجلیل عفی عنہ صدر مدرس مدرسہ لطیفیہ ویلور

[illegible] عبد اللطیف

الاستفتاء - ما قولكم ايها العلماء الاعلام من اهل السنة والجماعة سلمكم الله المنعام فى هذه المسئلة ان عامة الناس من اهل الهند لايعلمون اللسان العربى ولايفهمون معانى النصوص القرآنية ولايتفطنون لاحكام الشرعية من الاوامر والنواهى التى بينها الرسول صلى الله تعالى عليه وسلم هداية لكل زكى وغبى فهل يجوز للخطيب ان يقرء اولا شيئا بالعربية حمدا لله تعالى وصلوة على نبيه محمد صلى الله تعالى عليه وسلم ثم يترجم ما قرء بالاردو وما يناسب حال السامعين من الايات القرآنية والاحاديث النبوية التى تتضمن الاوامر والنواهى التى لابد منها ان يسمعها الناس فيمتنع كل واحد منهم من فعل المعاصى ويقترف الحسنات من الاعمال الصالحات نظما و نثرا منه بينوا توجروا -

المستفتى التاجر الحاج محمد محى الدين عفا الله تعالى عنه من سكنة معسكر بنگلور سكنة مسجد ابراهيم المرحوم المرقوم لشهر ربيع الاول سنة ۱۳۳۲ هجرى

ترجمہ - کیا فرماتے ہیں علمائے سنت وجماعت اس مسئلہ میں کہ عام مسلمانان ہند جو زبان عربی سے واقف نہیں اور معانی آیات قرآنی نہیں سمجھ سکتے اور احکام شرعی یعنی اوامر ونواہی جو احادیث نبوی میں وارد ہیں وہ معلوم نہیں کر سکتے تو کیا خطیب کیلئے جائز ہے کہ روز جمعہ خطبہ عربی پڑھے اور اسکا ترجمہ اردو میں مناسب حال سامعین نثراً یا نظماً سنایا جائے یا نہیں بینوا وتوجروا - مستفتی حاجی محمد محی الدین تاجر عفی عنہ ساکن معسکر بنگلور نزد مسجد ابراہیم صاحب مرقوم ماہ ربیع الاول ۱۳۳۲ ہجری -

الجواب - الحمد لله رب العلمين والصلوة والسلام على اشرف الانام وعلى آله وصحبه الكرام الى يوم القيام وعلى من اتبعهم من الخواص والعوام لايخفى على المسلمين وفقهم الله تعالى لما يحب ويرضى ان خطبته التى تقرء بلسان عربى فى بلاد الهند ولايفهمها كثير من الناس ممن لايعلم العربية يجوز ترجمتها باى لسان

کان اردو او فارسیا او غیرہما من لسنۃ المختلفۃ عند امامنا الامام ابی حنیفۃ النعمان علیہ رحمۃ اللہ الحنان ولا یجوز ترجمتہا عند الامام محمد ابن ادریس الشافعی ولا عند الامام احمد بن حنبل ولا عند الامام مالک رحمہم اللہ تعالیٰ واسکنہم بحرمۃ الجنۃ امین لان اکثر ما یعتادہ الناس فی بلاد الہند ہی الخطبۃ العربیۃ وبذالک یفتی والحمد للہ تعالیٰ علی ذلک اولاً واخراً ہذا ما ظہر لی والعلم عند اللہ تعالیٰ

حررہ الشیخ عبد الفتاح الحنفی من المدینۃ المنورۃ زادہا اللہ تعالیٰ شرفاً وتعظیماً ۔

ترجمہ ۔ الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی اشرف الانام وعلی آلہ واصحابہ الکرام الی یوم القیام وعلی من اتبعہم من الخواص والعوام مخفی نہ ہے جو خطبہ عربی بلاد ہند میں پڑھا جاتا ہے اور بہت لوگ اسکے معنی نہیں سمجھ سکتے ۔ جائز ہے ترجمہ اسکا پڑھنا زبان اردو و فارسی میں یا سوائے ان دونوں کے اور کوئی زبان ہو نزدیک ہمارے امام یعنی ابو حنیفہ رحمہم اللہ کے جائز نہیں ترجمہ اسکا نزدیک امام محمد بن ادریس شافعی کے اور نزدیک امام احمد بن حنبل کے اور نہ نزدیک امام مالک رحمہم اللہ کے ہذا ما ظہر لی والعلم عند اللہ تعالیٰ لکھا اسکو شیخ عبد الفتاح حنفی مدینہ منورہ مقدسہ زاد اللہ تعالیٰ شرفاً وتعظیماً ۔

سوال جبکہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ عیدہ کا بجز زبان عربی کے کبھی اور کسی زبان میں نہیں پڑھا اب خطبہ کے اندر اردو میں وعظ کہنا خلاف سنت ہوگا یا نہ ؟

جواب خطبہ میں حمد وثنا اور آیات قرآنی واحادیث وارد خطبہ کی بزبان عربی پڑھکر ترجمہ اسکا اردو میں کرنا یا وعظ بزبان اردو کہنا مخالف سنت نہیں ہوگا کیونکہ حمد وثنا عربی میں پڑھنے سے سنت ادا ہو جائیگی ۔ مگر خطبہ سے نمازیوں کو نصیحت کرنا اور تہذیب سکھانا جو مقصود تھا اردو دان نمازیوں نے عربی خطبہ سے کچھ نہیں سمجھا تھا اب ان لوگوں نے بھی اردو میں سمجھ لیا عربی خطبہ کا اردو ترجمہ یا اردو میں وعظ جو سننے والوں کی حالت اور سمجھ کی رعایت کرکے سامعین کی زبان میں کیا گیا اگرچہ زبان کی حیثیت سے یہ سنت نہ ہو لیکن عربی خطبہ پڑھنے سے جو مقصود [illegible] معنی ومقصود کی حیثیت سے یہ سنت ہونے سے خارج [illegible]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اور سامعین کی زبان میں خطبہ پڑھا کرتے تھے۔ تو جو کوئی اپنی اور سامعین کی متحدہ زبان میں خطبہ پڑھے گا، یعنی عربی خطبہ کا ترجمہ یا وعظ اردو میں کریگا وہ بھی بیشک مذکور سنت ہوگا۔ شرح تحفہ حضرت شاہ بدیع الدین الرحمۃ اللہ علیہ دہشتن چھپوانا خطبا یہ شریعت صفحہ ۱۳۹

ضروری یادداشت

از مولانا ابوالکلام آزادؔ

جمعہ کا اجتماع اور حکم خطبہ مسلمانوں کے فلاح دارین کا وسیلہٴ عظمی تھا اس سے مقصود یہ تھا کہ ہفتہ میں ایک بار لوگوں کو انکی حالت اور ضرورت کے مطابق ہدایت و ارشاد کی دعوت دیجائے اور امر بالمعروف و نہی عن المنکر کا ایک دائمی ذریعہ ہو۔

خطبہ دراصل ایک وعظ تھا جیسا کہ وعظ ہوتا ہے۔ آنحضرت صلعم کے بعد خلفائے راشدین کا یہی حال رہا اور تمام عربی حکومتیں جو اسکے بعد قائم ہوئیں انمیں بھی خلفاء و سلاطین کو سامنے منبروں پر وعظ کرتے ہوئے تاریخ میں دیکھا جاسکتا ہے۔ حقیقت خطبہ کیلئے کتب صحاح کے ابواب متعلق جمعہ و خطبہ کی احادیث دیکھنی چاہئیں۔

لیکن ہماری اصلی مصیبت ہمارے حالات میں نہیں ہے کہ وہ نتائج ہیں۔ اسکا اصلی منبع ہمارے اعمال کے تحریف و نسخ میں ہے کہ وہی علل و اسباب ہیں۔ شخصی حکومتوں کے قیام عجمی سلاطین کی کثرت۔ سلطنت خلفاء راشدین کے ضیاع اور جہل و غفلت کے استیلاء نے ہر اسلامی عمل کو ایک لباس ظاہر دے کر اسکی روح حقیقت سلب کر لی ہے۔ خطبہ جمعہ اور عیدین و نکاح کا بھی یہی حال ہے۔

اب خطبے کے معنے یہ رہ گئے ہیں۔ کہ عربی زبان میں ایک چھپی ہوئی کتاب جو بازار سے خرید لی جائے اور الف لیلہ کی طرح اس میں سے ایک خطبہ غلط سا پڑھکر سنا دیا جائے آواز بشدت کریہہ ہو اور لب و لہجہ میں عربیت پیدا کرنیکے لئے ہر جگہ تفخیم و ثقالت سے کام لیا جائے بعض لوگ قرآن شریف کی حاصل کردہ قرأت کو اس میں صرف کرتے ہیں اور پھر جو شخص ہر لفظ کے آخری حرف کو پوری سانس میں کھینچکر پڑھ دے وہ سب سے بڑا قاری ہے۔

بسا اوقات غریب پڑھنے والا بھی نہیں جانتا کہ میں کیا پڑھتا ہوں؟ الف لیلہ کی ایک رات
کا افسانہ ہے کی کوئی حکایت ہے۔ یا ارشاد و ہدایت امت کا وہ عظیم و جلیل عمل
اقدس جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر پر کھڑے ہو کر جمعہ کو انجام دینا پڑتا ہے پھر سننے
والوں کی مصیبت کا کیا پوچھنا؟ کوئی اونگھتا ہے کوئی اپنے ساتھیوں سے صبح کے بازار
کا بھاؤ پوچھتا ہے۔

یہ حسرت انگیز تبدیلی ہے۔ اس مذہب کے اعمال دینیہ کی جس کے داعی اول نے اپنے خطبات
و مواعظ سے ایک بادیہ نشین قوم کو روم و ایران کے تمدن کا مالک بنا دیا۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝

یقین کرو۔ کہ جب حضرت مسیح نے بنی اسرائیل کی ذلت و ہلاکت پر ماتم کیا تو
شریعت موسوی کے احکام و اعمال کا بعینہ یہی حال تھا۔ جو آج تم نے۔ خدا کی شریعت کا
بنا رکھا ہے مسیح اگر ان فریسیوں اور صدوقیوں پر روتا تھا۔ جو گو بڑی بڑی آستینوں
کے جبے پہنتے ہر وقت دعائیں مانگتے اور بڑی بڑی تسبیحیں اپنے ہاتھوں پر رکھتے
تھے پر شریعت کے حکموں کو انہوں نے مسخ اور اعمال صالحہ کو بے اثر کر دیا تھا۔ تو ہمیں
بھی اپنے عالموں اور صوفیوں پر ماتم کرنا چاہیئے۔ جو انکی طرح یہ سب کچھ کرتے ہیں،
پھر انہیں کی طرح حقیقت سے بھی خالی ہیں۔

میں سرے سے اس امر کا اعادہ دشمن ہوں کہ خطبے لکھے ہوئے پڑھے جائیں
ایک بدعت ہے جس کا نہ تو قرون مشہود لہا بالخیر میں ثبوت ملتا ہے اور نہ علت حکم اسکا
موید، خطبہ ایک وعظ ہے پس مسجدوں میں ایسے خطیب ہونا چاہیئیں جن کو یہ قابلیت
حاصل ہو کہ جمعہ کے خطبہ کے لیئے تیار ہو کر آئیں اور بالکل تمام مواعظ کے وعظ
کہیں۔ ضرور ہے کہ قوم کی موجودہ حالت انکے پیش نظر ہو جو بیماریاں آج ہمیں
لاحق ہیں انہیں کا علاج بتائیں نہ کہ ان کا جواب جسے پانچ سو برس پیشتر کسی
جو خطبات عربیہ آج کل رائج ہیں میں نے سب کو پڑھا ہے وہ تو اس وقت
بھی موزوں نہ تھے جس وقت کے لیئے لکھے گئے تھے پھر آج کل کی حالت کا کیا ذکر۔

خطبہ کا یہ مطلب کس نے بتلایا ہے کہ صرف جمعہ وعیدین کے چند مسائل بیان کر دیے جائیں اور کہہ دیا جائے کہ ایک دن مرنا ہے۔ پس ڈرو اور موت کو یاد کرو، بیشک موت کو یاد کرو! بیشک موت کو یاد کرنے سے بڑھ کر انسان کے لیے دنیا میں کوئی نصیحت نہیں ہوسکتی کفیٰ بالموت واعظاً یا عمر۔ لیکن صرف یہ کہہ دینا لوگوں کے ڈرانے کے لیے کافی نہیں ہے موت کی یاد کے ساتھ ان کو اس زندگی کا طریقہ بھی بتلانا چاہیے جو تذکرۂ آخرت کے ساتھ ملکر انسانوں کو دونوں جہانوں میں نجات دلا سکتی ہے۔

بڑا مسئلہ زبان کا ہے اور ضروری ہے کہ ایک مختصر سے خطبہ ماثورہ عربیہ کے بعد وعظ اسی زبان میں ہو جو سامعین کی زبان ہے۔ ورنہ سمجھ میں نہیں آتا کہ حاصل کیا ہے؟ شریعت نے کیسی عمدہ مصلحت اس میں رکھی ہے کہ جمعہ کے خطبے کو نماز فرض کا قائم مقام قرار دیا اور اسکی سماعت کو فرض بتلایا امام ابوحنیفہ کے نزدیک دونوں خطبوں کا سماع واجب ہے اور امام شافعی کے نزدیک صرف پہلے کا اسوقت نماز پڑھنا جائز نہیں اس سے مقصود یہی تھا کہ لوگ عمل عبادات کی طرح نصائح وعبادت کو سنیں پھر نصائح کو ایسا اہم ہونا چاہیے کہ مشروعیت نماز سے بھی اقدم وانفع ہوں کیا یہ خطبات جو آجکل دیے نہیں بلکہ اٹکا اٹکا کر پڑھے جاتے ہیں اور لوگ بیٹھے ہوئے اونگھتے ہیں یہی وہ مواعظ ہیں جن کی سماعت فرض اور ان کی موجودگی میں نماز تک ممنوع ہے فاین تذہبون۔ عقل و شریعت کیلئے ماتم ہے کہ موجودہ علما خود اس طریق کے عامل اور پوری طرح تابع ہیں فما لھؤلاء القوم لا یکادون یفقھون حدیثا۔

بڑی مصیبت یہ ہے کہ مساجد کی امامت عموماً جہلا کے ہاتھوں میں ہے اور یہ کام ایک ذریعہ معاش بن گیا ہے وہ بیچارے کہاں سے ایسی قابلیت لائیں کہ برجستہ خطبہ دیں اور اسکے تمام شرائط کو پورا کریں خطبہ کے معنے تو یہ ہیں کہ نہ صرف عام حالت کی اسمیں رعایت کیجائے بلکہ گذشتہ جمعہ کے بعد جو نئے حالات وحوادث دنیا میں گزرے ہیں اور انکی بنا پر مسلمانوں کو جو کچھ تعلیم کرنا ضروری ہے اسکی بھی رعایت اس میں ملحوظ رہے

فقیر ابو الکلام کان اللہ لہ

مطبع پریس بڑی مسجد اسٹریٹ بنگلور کنٹونمنٹ

ترجمة الفتاوى

العطايا من فواضل الاكملين والاشهرين العلماء الهند والحجازين لجواز ترجمة الخطب في لسان الهندي

بسم الله الرحمن الرحيم

الاستفتا

ما قولكم ايها العلماء الاعلام من اهل السنة والجماعة سلمكم الله المنعام في هذه المسئلة ان عامة الناس من اهل الهند لا يعلمون اللسان العربي ولا يفهمون معاني النصوص القرانية ولا يتفطنون لاحكام الشريعة من الاوامر والنواهي التي بينها الرسول صلى الله تعالى عليه وسلم فهل ايتها الذكي و غبي فهل يجوز للخطيب ان يقرء اولا شيئا بالعربية حمد الله تعالى وصلوة على نبيه محمد صلى الله تعالى عليه وسلم ثم يترجم ما قرء بالاردو وما يناسب حال السامعين من الايات القرانية والاحاديث النبوية التي تتضمن الاوامر والنواهي التي لا بد منها ان يسمعها الناس فيمتنع كل واحد منهم من فعل المعاصي ويقترف الحسنات من الاعمال الصالحة نظما ونثرا منه بينوا و توجروا۔

المستفتی التاجر الحاج محمد محی الدین عفا اللہ تعالیٰ عنہ من سکنۃ معسکر بنگلور بسکنۃ مسجد ابراهیم المحوطۃ قوم لشہر ربیع الاول سنہ ۱۳۳۲ھ

ترجمہ۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہیں علمائے سنت وجماعت اس مسئلہ میں کہ عام مسلمانان ہند جو زبان عربی سے واقف نہیں اور معانی آیات قرآنی نہیں سمجھ سکتے اور احکام شرعی یعنی اوامر و نواہی جو احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں وارد ہیں وہ معلوم نہیں کر سکتے تو کیا خطیب کیلئے جائز ہے کہ روز جمعہ خطبہ عربی پڑھے اور اس کا ترجمہ اردو میں مناسب حال سامعین نثراً یا نظماً سنایا جاوے یا نہیں بینوا و توجروا۔ مستفتی حاجی محمد محی الدین تاجر عفی عنہ ساکن معسکر بنگلور نزد مسجد ابراہیم صاحب۔ مرقوم ماہ ربیع الاول ۱۳۳۲ھ ہجری۔

الجواب بعون الملہم للحق والصواب

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی اشرف الانام وعلی آلہ واصحابہ الکرام الی یوم القیام وعلی من اتبعہم من الخواص والعوام۔ لا یخفی علی المسلمین وفقہم اللہ تعالیٰ لما یحب ویرضی ان خطبۃ التی تقرء بلسان عربی فی بلاد الہند ولا یفہمہا کثیر من الناس من لا یعلم العربیۃ یجوز ترجمتہا بای لسان کان اردوا وفارسیا وغیرہما من الالسنۃ المختلفۃ عند امامنا الامام ابی حنیفۃ النعمان علیہ رحمۃ اللہ الحنان ولا یجوز ترجمتہا عند الامام محمد بن ادریس الشافعی ولا عند الامام احمد بن حنبل ولا عند الامام مالک رحمہم اللہ تعالیٰ واسکنہم بحبوحۃ الجنۃ آمین لان اکثر ما یعتادہ الناس فی بلاد الہند ہی الخطبۃ العربیۃ وبذلک نفتی والحمد للہ تعالیٰ علی ذلک اولا و آخرا ہذا ما ظہر لی والعلم عند اللہ تعالیٰ۔

حررہ الشیخ عبد الفتاح الحنفی من المدینۃ المنورۃ زادہا اللہ تعالیٰ شرفاً وتعظیماً

ترجمہ۔ الجواب بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الحمد للہ رب العلمین والصلوٰۃ والسلام علی اشرف الانام وعلی آلہ واصحابہ
الکرام الی یوم القیام وعلی من تبعہم من الخواص والعوام مخفی نہ رہے جو خطبہ عربی بلاد ہند میں پڑھا
جاتا ہے اور بہت لوگ اسکے معنی نہیں سمجھ سکتے جائز ہے ترجمہ اس کا پڑھنا زبان اردو فارسی میں
یا سوائے ان دونوں کے اور کوئی زبان ہو نزدیک ہمارے امام یعنی ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے جائز نہیں
ترجمہ اس کا نزدیک امام محمد بن ادریس شافعی کے اور نہ نزدیک امام احمد بن حنبل کے اور نہ نزدیک امام مالک
رحمہم اللہ کے ہذا ما ظہر لی والعلم عند اللہ تعالیٰ لکھا اس کو شیخ عبد الفلاح حنفی مدینہ منورہ سے
زاد اللہ تعالیٰ شرفاً وتعظیماً

استفتا

برائے خواندن خطبہ جمعہ بزبان اردو

کیا فرماتے ہیں علمائے اعلام اہل سنت والجماعت مدفیوضہم اس بات میں کہ جب عوام
اہل اسلام زبان عربی سے ناواقف اور فہم مطالب نصوص و آثار سے قاصر ہوں تو زبان اردو میں
خطبۂ جمعہ اس طرز پر کہ پہلے بقدر سنت شریف عربی عبارت پڑھکر پھر اس کا ترجمہ اور مناسب آیات
واحادیث کا مفہوم اردو نظم و نثر میں بدیں نیت کہ سامعین بخوبی سمجھ جائیں اور طاعات عبادات پر رغبت
اور بدکاریوں سے نفرت کریں پڑھنا جائز ہے یا نہیں۔ بینوا وتوجروا ۱۳۳۲ھ
المستفتی۔ حاجی محمد محی الدین تاجر عفا اللہ عنہ متصل مسجد ابراہیم صاحب عسکر بنگلور ربیع الاول

المطیفۃ دار الافتاء ۱۳

الجواب

حامداً ومصلیاً ومسلماً

جمعہ کے خطبے کا ترجمہ کرنا نثر ہو یا نظم جائز ہے خواہ اردو میں ہو یا کسی اور زبانوں میں
مگر با کراہت اور نفس نماز میں بھی کسی قسم کا قصور نہیں چنانچہ شیخ عبد الحق دہلوی رحمہ شرح سفر السعادت
میں لکھتے ہیں کہ افضل آنست کہ خطبہ بزبان عربی باشد و نزد امام ابو حنیفہ بغیر عربی نیز جائز است
بہر زبانیکہ باشد قال العینی فی شرح الہدایۃ والخطبۃ یوم الجمعۃ والتشہد ای
قراءۃ التحیات فی القعدات علی ہذا الاختلاف لخطبۃ یجوز عند ابی حنیفۃ

خلافا لهما في الدر المختار لما صح لو شرع بغير عربية اي لسان كان وشرطا عجزه وعلى هذا الاختلاف الخطبة وجميع اذكار الصلوٰة (ترجمہ) خطبہ کا بطور پند و نصیحت واسطے تفہیم عوام کے جائز ہے کراہت کیساتھ اسی پر فتویٰ ہے مگر خطبہ معہ ترجمہ فرض نماز سے طول نہ ہو۔ ہکذا فی کتب الفقہ واللہ اعلم بالصواب۔ کتبہ ابو الفضل محمد عبد الرحیم القادری عنہ رحمتنا لوی۔

الجواب صحیح — عبد الرحیم عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح — سید احمد حسینی القادری عفی عنہ

چونکہ مطبوعہ استفتا میں سوال علماء اہل سنت والجماعت سے ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سایل جواب بھی اسی قسم کا چاہتے ہیں اور اس ملک میں مذاہب حقہ سنت وجماعت دو مذہب رایج ہیں حنفی شافعی حنیفہ کا مسلک اور ان بزرگوں کی تحقیق تو جواب صدر سے معلوم ہو گئی ہے اور فقیر کو اس جواب سے اتفاق ہے شافعی مذہب میں ہر چند تا امکان خطبہ کا عربی کے سوائے دوسری کسی زبان میں پڑھنا جائز نہیں جیسا کہ عبارت منقولہ شرقاری سے ظاہر ہے ویجب علیهم تعلمها بالعربية ويكفي ذالك واحد منهم فان لم يتعلم احد منهم اثموا كلهم ولا تصح خطبتهم قبل التعلم فيصلون ظهرا۔ یعنی عربی خطبہ کا سیکھنا واجب ہے اگرچہ ایک ہی شخص جان لے اور بغیر عربی خطبہ کے جمعہ صحیح نہیں اور نہ سیکھنے میں کبھی گنہگار بھی الخ اور یہ سوالات بھی بلا فصل ضرور ہے بایں جیسا کہ سوال میں درج ہے عربی سے فارغ ہو کے اردو پڑھتے ہیں اور اردو میں حمد صلوٰۃ آیۃ قرآن دعا وغیرہ کل چیزوں سے جو شافعیہ کے نزدیک ارکان خطبہ ہے ہیں فراغت ہو جاتی ہے تو باتفاق ایسا خطبہ پڑھنا جائز بلا حرج ہے واللہ اعلم بالصواب۔ محمد محی الدین حسین عفی عنہ

محی الدین سید عبد اللطیف قادر

ہذا الجواب صحیح

محمد محی الدین سید عبد اللطیف قادری عفا اللہ عنہ

الجواب۔ درحقیقت اردو فارسی وغیرہ سوائے عربی کے دوسری زبان میں خطبہ پڑھنا مکروہ ہے [illegible] وغیرہ تک [illegible] بالضرور بھی

پڑھا اور پڑھایا مگر سوائے عربی کے دوسری زبانوں میں کسی نے کبھی خطبہ نہیں پڑھا لیکن بوجہ اشد ضرورت کے یہ مکروہ امر بھی درست ہو گیا ہے الضرورات تبیح المحظورات فقط واللہ اعلم بالصواب

حررہ واجابہ محمد ابراہیم دہلوی

مفتی محمد ابرا[ہیم]

الجواب

بعد حمد و ثنا کے ماہرانِ شریعت پر مخفی نہیں کہ جمعہ کے خطبہ میں آیات قرآن و حدیث پڑھ کر ان کا اردو فارسی اور جو جس جگہ زبان ہو اُس زبان میں ترجمہ کرنا جائز و درست بلکہ اولیٰ و افضل ہے چنانچہ۔ اللہ رب العالمین اپنے کلام پاک میں ارشاد فرماتا ہے وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ لیبین لھم اس کی تفصیل میں صاحب معالم التنزیل لکھتے ہیں بلغتھم لیفھموا عنہ فان قیل کیف ھذا وقد بعث النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی کافۃ الخلق قیل بعث محمد صلی اللہ علیہ وسلم من العرب بلسانھم والناس تبع لھم ثم بعث رسلہ الی الاطراف یدعونھم الی اللہ عز وجل ویترجمون لھم بالسنتھم انتھی و نیز قاضی بیضاوی اس آیۃ کے تحت میں لکھتے ہیں ما امروا بہ فیتفقھوہ عنہ بیسر و سرعۃ ثم ینقلوہ ویترجموہ لغیرھم انتھی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع کے خطبہ میں اور اکثر وقتاً فوقتاً خطبۂ جمعہ وغیرہ میں ارشاد فرمایا کرتے تھے و لیبلغ الشاھد الغائب و بلغوا عنی ولو آیۃ تبلیغ شاہد کی غائب کی طرف کیونکر ہو سکتی ہے اور وہ اس کو کیونکر سمجھ سکتا ہے جب تک اُس کی زبان میں نہ ہو اور ایک حدیث صحیح مسلم کی صریح اِس جواز پر دلالت کرتی ہے یقرء القرآن ویذکر الناس تقی روایۃ یعظھم انتھی اور سورہ قمر میں کئی جگہ مکرر ایک آیۃ کو اللہ پاک نے ارشاد فرمایا ہے ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر (ترجمہ) اور ہم نے آسان کیا قرآن سمجھنے کو پھر ہے کوئی سوچنے والا۔ سوچے اور سمجھے گا تو جبھی کہ جب اس کی زبان ہو گی اور جب غیر زبان ہو گی تو کیا سمجھے گا اور کیونکر آسان ہو گا پس ماحصل ان آیات و احادیث کا یہی ہے کہ خطبہ نام وعظ کا ہے خواہ کسی زبان میں ہو اور غرض و غایت وعظ سے یہی ہے کہ اس زبان [illegible]

ونہی عن المنکر ہو اور لغت عربیہ میں خطبہ وعظ نصیحت ہی کو کہتے ہیں جیسا کہ عبارات کتب لغت سے واضح ہے الخطب والمخاطبۃ والتخاطب المراجعۃ فی الکلام ومنہ الخطبۃ والخطبۃ لکن الخطبۃ تختص بالموعظۃ والخطبۃ بطلب المرأۃ انتہی ما فی مفردات القران۔ نثر کا تو یہ جواب ہوا اور نظم کے بارے میں کوئی ثبوت شریعت سے پایا نہیں جاتا واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔

محمد عبد اللہ ۷ ربیع الآخر ۱۳۳۲ھ

سید محمد عبد السلام عفی عنہ — الجواب صحیح — الجواب صحیح

عفی عنہ السلام سید محمد عبد

ابو الحسن سید محمد

اسمہ الصمد احمد سعید ... ابو محمد عبد اللہ

الجواب صحیح والمجیب مصیب — ابو المنصور محمد عبد الصبور — احمد سعید الصمد موقتہ

ابو عبد الرحمن دہلوی — صانہ اللہ عن حوادث الدھور — ۷ ربیع الثانی ۱۳۳۲ھ

الجواب

اللّٰھم لک الحمد۔ خطبہ نام ہے وعظ تذکیر کا چنانچہ رسول کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم خطبہ میں حاضرین کو قواعد و شرائع اسلام کی تعلیم فرماتے تھے کما یدل علیہ حدیث جابر فی الخطبۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ آیات من القران ویذکر الناس رواہ ابو داؤد۔ لہٰذا جب کوئی موقع امر و نہی کا آجاتا تھا تو امر و نہی بھی فرماتے تھے جیسا کہ ایک شخص کو حالت خطبہ میں دو رکعت پڑھنے کے لئے حکم دیا اور ایک شخص کو تخطی رقاب الناس سے منع فرمایا اور بیٹھ جانے کا حکم صادر فرمایا علاوہ ازیں اور واقعات ہیں کہ بمقتضائے حال خطبہ میں امر و نہی فرمایا کرتے تھے۔ کما لا یخفی علی الماہر فی الحدیث۔ پس ثابت ہوا کہ خطیب کے لئے مسنون ہے کہ قرأت کے بعد حاضرین کو انہی کی زبان میں احکام شرعیہ ضروریہ سے آگاہ اور امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرے پس اگر سننے والے اہل فارس ہیں تو زبان فارسی میں سمجھائے اور اگر انگلستان کے رہنے والے ہیں تو انگریزی میں اور ہندوستانی ہیں تو اردو میں بیان کرے علی ہذا القیاس جو لوگ جس زبان جانتے ہوں اسی زبان میں بیان کرے تاکہ مقصود اصلی خطبہ کا حاصل ہو جائے

کیونکہ غیر بلاد عرب میں جب تک انہیں کی زبان عجمی میں بیان نہ ہوگا وعظ و تذکیر کا اثر حاصل
نہیں ہو سکتا پروردگار عالم جل شانہٗ فرماتا ہے وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ
لیبین لھم الایۃ یہ اس آیۃ کے تحت میں صاحب جامع البیان لکھتے ہیں ای لیبین لھم
ما امروا بہ فیفھموہ بلا کلفۃ ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وان بعث
الی الاحمر والاسود لیجمع الدلایل لکن الاولی ان یکون بلغۃ من ھو فیھم
حتی یفھموا ثم ینقلوہ ویترجموہ انتھی ہاں ایک اعتراض وارد ہوتا ہے کہ جب خطبہ میں
ترجمہ جائز ہے تو نماز میں قرآن کا ترجمہ پڑھنا کیوں جائز نہیں کما زعم بعض الناس ط
جواب اس کا یہ ہے کہ خطبہ کو نماز پر قیاس کرنا قیاس مع الفارق بہ چند وجوہ ہے اولاً خطبہ وعظ
اور تذکیر ہے اور نماز تذکیر نہیں بلکہ ذکر ہے وبین التذکیر والذکر بون بعید وفرق عظیم
کما لا یخفی ثانیاً خطبہ میں الفاظ مخصوصہ ہیں نہ اذکار معینہ اور نماز میں دونوں موجود ثالثاً نماز میں
قرأت قرآن امام اور مقتدی اور منفرد سب کو پڑھنا فرض ہے بقولہ تعالیٰ فاقرؤا ما تیسر
من القرآن اور اقرؤا صیغہ امر کا ہے اور امر وجوب کے لئے آتا ہے کما فی الاصول اور امتثال امر
اسی وقت ہوگا جب نظم عربی ہی میں جس طرح منزل ہوا ہے قرأت کریں کیونکہ ترجمہ قرآن کے
پڑھنے کو قرأت نہیں کہہ سکتے اور خطبہ میں تذکیر ہوتی ہے پس ضرور ہے خطیب کے لئے کہ قرأت قرآن کے بعد
اس کے معانی کو حاضرین کی زبان میں سمجھا دیں اور وعظ و پند کریں ورنہ مقصود خطبہ فوت ہو جائیگا
ھذا ما ظہر لی واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب اگر اردو بولنا خطبہ میں جائز
حســـــــــــــــــــبار دکا ہو تو جو شخص مسجد میں امام کے خطبہ کے وقت آوے
محمد ابو طاہر البہاری عفا عنہ الباری المدرس الاول اور بغیر ادا کئے دو رکعت بیٹھ جاوے تو اس کو امام موافق
فی مدرسۃ الاحمدیہ الواقعہ فی بلدۃ (آرہ) حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے دو رکعت پڑھنے کو
کیونکر کہیگا سوچنے کی بات ہے ۱۲

مدرسہ احمدیہ ۱۲۹۸ — محمد ابو طاہر

عبد العزیز رحیم آبادی
جمعہ کے خطبہ میں وعظ کہنا صحیح حدیث میں ثابت ہے عن جابر ابن سمرۃ

رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلعم یخطب قائما ویجلس بین الخطبتین و
یقرء ایات ویذکر الناس رواہ الجماعۃ قال الشوکانی استدل بہ علی مشروعیۃ
القرأۃ والوعظ فی الخطبۃ وقد ذہب الشافعی الی وجوب الوعظ وقراءۃ
ایۃ وفی حدیث انہ علیہ السلام کان لا یطیل الموعظۃ یوم الجمعۃ انما ھی
کلمات یسیرات رواہ ابوداؤد وقال الشوکانی بعد نقل ھذا الحدیث وفیہ ان الوعظ
فی الخطبۃ مشروع وان اقصار الخطبۃ اولی من اطالہا انتہی عبارت مذکورہ
بالا سے صاف ثابت ہے کہ خطبۃ الجمعہ میں وعظ مشروع ہے اور آنحضرت صلعم خطبہ میں وعظ فرمایا
کرتے تھے اور ظاہر ہے کہ سامعین جب تک خطیب کا کلام نہ سمجھیں تو وعظ متحقق نہیں ہوسکتا
اور افہام و تفہیم کی دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ تمام سامعین تکلیف گوارا کرکے عربی بول چال
اور تلفظ سیکھیں دوئم یہ کہ خطیب سامعین کے ہم کلام ہو کر خطبہ میں وعظ کہے۔ اول صورت میں
صریح تکلیف مالایطاق ہے لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا کے خلاف ہے اور نہ ہی کسی حدیث
یا اثر صحابی سے یہ ثابت ہے کہ سامعین وعظ سننے کیلئے عربی زبان ضرور سیکھیں بلکہ بخاری میں
موجود ہے کہ رطانت میں کلام کرنا جائز ہے حیث قال باب التکلم بالرطانۃ یعنی غیر زبان
عربی میں کلام کرنا جائز ہے کیونکہ سب زبانوں کا خالق اللہ جل شانہ ہے اور صحابہ رضی اللہ عنہم
کا غیر زبان عربی میں کلام کرنا ثابت ہے اور تعامل صحابہ و تابعین و علمائے سلف و خلف بھی اس امر کی
شہادت دیتا ہے کہ گو عربی زبان بہت فصیح ہے اور قرآن مجید عربی میں نازل ہوا آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم عربی تھے اور بہشتیوں کی زبان بھی عربی ہوگی وغیرہ وغیرہ مگر ضرورت کیوقت
غیر عربی میں بھی کلام کرنا جائز ہے خصوصاً جبکہ تمام سامعین یا اکثر محض عربی سے نابلد ہوں اور
عربی زبان سیکھنے میں دشواری اور سخت مشکلات ہوں تو بلا چون و چرا ضرورت ثانیہ کے طور پر خطیب چند
آیات و احادیث پڑھکر اردو یا پنجابی یا دیگر زبان میں وعظ سنائے تو جائز ہے بلکہ ضروری ہے لحصول
تفہیم مطالب وعظ والنصیحۃ۔ والا ثابت ہے کسی حدیث صحیح
یا قول صحابی و تابعی و خیر القرون سے ثابت نہیں لہذا جائز ہے اور یہ کہنا کہ خطبہ جزو نماز ہے لہذا عربی

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا

إِذَا نُودِيَ لِلصَّلَوٰةِ مِن يَوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ

الحمد للہ والمنہ مجموعۂ خطب از تنظیم حضرت مولانا مولوی محمد عبد الحمید

خان صاحب ادام اللہ فیوضاتہ رئیس چودھری سہاور

مجموعۂ خطب حمیدیہ

مترجم اردو منظوم

حسب فرمائش جناب ابو المسعود محمد عبد الرزاق صاحب تاجر کتب

(ملنے کا پتہ)

ابو المسعود محمد عبد الرزاق صاحب تاجر کتب مہتمم کتبخانہ قادریہ موچی بازار بنگلور کنٹونمنٹ

سنہ ۱۳۴۰ھ

مطبع نبوی سلطان الاخبار بنگلور طبع شد

سنہ ۱۹۲۱ء

قسم اول ۱۲/ — باردوم ۵۰۰ — قسم دوم ۱۰/

ماہ محرم الحرام کی پہلی جمعہ کا خطبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَاتَصِلُ اِلٰی دَرْكِ حَقِیْقَتِهِ الْاَفْهَامُ ؛ وَلَاتُدْرِكُ كُنْهَهُ الْعُقُوْلُ وَالْاَوْهَامُ ؛ نَحْمَدُهٗ حَمْدًا كَثِیْرًا عَلٰی حِلْمِهٖ بَعْدَ عِلْمِهٖ وَهُوَ الْعَلِیْمُ الْعَلَّامُ ؛ وَنَشْكُرُهٗ عَلٰی عَفْوِهٖ بَعْدَ قُدْرَتِهٖ وَهُوَ شَدِیْدُ الْاِنْتِقَامِ ؛ فَسُبْحَانَهٗ مَا اَعْظَمَ شَانَهٗ ؛ نَشْهَدُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهٗ لَاشَرِیْكَ لَهٗ ؛ یُدَبِّرُ الْاَمْرَ بَیْنَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِیْنَ ؛ وَهُوَ مُتَفَرِّدٌ فِیْ تَدْبِیْرِهٖ لَانَظِیْرَ لَهٗ فِی الْعَالَمِیْنَ ؛ یُنَزِّلُ الْغَیْثَ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْاَرْحَامِ ؛ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ الَّذِیْ بَیَّنَ لَنَا الْحَلَالَ وَالْحَرَامَ ؛ وَاَوْضَحَ مُشْتَبِهَاتِ الْاَحْكَامِ ؛ اَمَّا بَعْدُ اِخْوَانِیْ وَخُلَّانِیْ اُشْكُرُوا اللّٰهَ عَلٰی نَعْمَآئِهٖ ؛ وَاَحْمَدُوْهُ وَعَلٰی اٰلَآئِهٖ ؛ فَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَاتُحْصُوْهَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامِ اَحْسَنَ اِلَیْكُمْ حَیْثُ اَخْرَجَكُمْ مِنَ الْعَدَمِ اِلَی الْوُجُوْدِ ؛ وَهُوَ صَاحِبُ الْكَرَمِ وَالْجُوْدِ ؛ وَرَبَّاكُمْ حِیْنَ كُنْتُمْ اَجِنَّةً فِی الْاَرْحَامِ ؛ فَخَلَقَكُمْ مِنْ نُطْفَةٍ ؛ ثُمَّ جَعَلَكُمْ عَلَقَةً وَمُضْغَةً ؛ ثُمَّ رَكَّبَكُمْ بِاَحْسَنِ صُوْرَةٍ ؛ وَكَسَاكُمُ اللَّحْمَ وَالْعِظَامَ ؛ وَاَدَرَّ عَلَیْكُمْ ثَرْمَانًا وَتَسْمَنُهٗ عَلَی السِّنِیْنَ

وَالشُّهُوْرِ وَالْاَيَّامِ ۞ وَوَضَعَ لَكُمْ فِيْهِ شُهُوْرًا مُتَبَرَّكَةً ۞
وَاَيَّامًا مُتَشَرَّفَةً ۞ بَدَأَ بِالْمُحَرَّمِ وَخَتَمَ بِذِي الْحِجَّةِ الْحَرَامِ ۞ فَمَا لَكُمْ
لَا تَتَذَكَّرُوْنَ ۞ وَمَا لَكُمْ لَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۞ تَرْغَبُوْنَ عَنِ الْحَسَنَاتِ ۞ وَ
تَنْهَمِكُوْنَ فِي اللَّذَّاتِ ۞ وَتَرْتَكِبُوْنَ الْخَطَايَا الْجِسَامَ ۞ وَلَا تَعْتَبِرُوْنَ
بِمَنْ مَضٰى مِنْ اٰبَائِكُمْ وَاَجْدَادِكُمْ ۞ اَيْنَ اَحْبَابُكُمْ وَاَقْرَانُكُمْ اَيْنَ
جُلَسَاؤُكُمْ وَاَحِبَّاؤُكُمْ ۞ اَيْنَ سَلَاطِيْنُكُمْ وَخَوَاقِيْنُكُمْ ۞ اَفْنَاهُمْ كَرُّ
اللَّيَالِيْ وَمَرُّ الْاَيَّامِ ۞ وَسَيَمُرُّ عَلَيْكُمْ زَمَانٌ تَكُوْنُوْنَ فِيْهِ كَمَا كَانُوْا
وَتَتَحَسَّرُوْنَ كَمَا تَحَسَّرُوْا ۞ وَمَا تُفِيْدُكُمُ الْحَسْرَةُ عِنْدَ ذٰلِكَ اِلَّا الْاٰلَامَ
فَعَلَيْكُمْ بِتَقْوَى اللّٰهِ فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ ۞ وَاجْتِنَابِ كُلِّ خَطِيْئَةٍ
وَمَعْصِيَةٍ ۞ لَا سِيَّمَا فِي الْاَيَّامِ الْعِظَامِ ۞ وَهٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ
قَدِ اسْتَقْبَلَتْكُمْ فَطُوْبٰى لِمَنْ وَدَّعَ السَّنَةَ الْمَاضِيَةَ بِحُسْنِ الْاَعْمَالِ ۞
وَاسْتَقْبَلَ هٰذِهِ السَّنَةَ بِكَرَائِمِ الْاَفْعَالِ ۞ وَتَجَنَّبَ الْمَعَاصِيَ وَالْاٰثَامَ
وَعَلَيْكُمْ بِهٰذَا الشَّهْرِ الْحَرَامِ ۞ شَهْرِ الْمُحَرَّمِ ذِي الْعِزِّ وَالْاِحْتِرَامِ ۞ شَهْرٌ
نَجَّى اللّٰهُ تَعَالٰى فِيْهِ سَيِّدَنَا مُوْسٰى عَلٰى نَبِيِّنَا وَعَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ
وَاَغْرَقَ فِرْعَوْنَ فِي الْبَحْرِ وَاَلْقَاهُ فِي الظَّلَامِ ۞ فِيْهِ يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ ۞ وَمَا
اَدْرٰىكُمْ مَا يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ ۞ يَوْمٌ فَضِيْلٌ فَضْلُهٗ جَمِيْلٌ مَنْ وَسَّعَ فِيْهِ
عَلٰى عِيَالِهٖ وَسَّعَ اللّٰهُ عَلَيْهِ تَمَامَ السَّنَةِ كَذَا اَخْبَرَ بِهٖ سَيِّدُ الْاَنَامِ ۞
يَوْمٌ صَامَ فِيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَمَرَ اَصْحَابَهٗ
بِالصِّيَامِ ۞ يَوْمٌ اِهْتَمَّ الصَّحَابَةُ بِصِيَامِهٖ وَاَمَرُوا النَّاسَ بِصِيَامِهٖ

حتى الاطفال واهتموا فيه غاية الاهتمام ؞ يوم رزق فيه سيدنا
الحسين بن علي ابن بنت رسول الله ومتبناه ؞ غاية متمناه ؞ و
ظلم ظلما تقشعر منه الاسماع ؞ وتتنفر عنه الطباع ؞ حبس الماء عنه
اياما عديدة ؞ وحصر في كربة شديدة ؞ وذلك في موضع يسمى
بكربلاء ؞ موضع كرب وبلاء ؞ صب فيه على اهل بيت رسول الله كل
هم وغم وبلاء ؞ حتى شرب شراب الشهادة مع اخوانه وانصاره
وصار من الشهداء الكرام ؞ فرحم الله عليه وعلى ناصريه ؞ ونقم
على ظالميه وماكريه ؞ فمن ذكر هذه المصيبة العظمى واسترجع فاز
بالمرتبة العظمى وعد من الصابرين يوم القيام ؞ فلازموا عليكم استقبال
هذا اليوم بالحسنات والتوبة عن الخطيئات وترك الاثام ؞ لعل الله
يرحمكم وتشملكم رحمة ربكم ويدخلكم دار السلام ؞ وقولوا من صميم
الفؤاد يا سطين اكف السؤال الى من به الاعتصام ؞

حمد اسکی کرتے ہیں ہم اور تم	عقل و فہم ادراک ہیں ہیں جس کے گم
حمد ہم کرتے ہیں اوس کی بیشمار	ہے وہ علام و علیم و کردگار
پاک ہے وہ شان ہے اوسکی عظیم	نشہد ان لا الٰہ الا الکریم
منتظم ہر کام کا ہے وہ قادر	ہے نہیں کوئی نہیں اوسکا نظیر
مینھ برساتا ہے عالم میں وہ رب	جانتا ہے ظاہر و باطن بھی سب
ہم گواہی دیتے ہیں اسبات کی	ہیں محمد اوسکے بندے اور نبی
اوسنے بتلائے حلال اور سب حرام	کر دیئے حل عقدۂ مشکل تمام

بعد ازیں اے دوستانِ باصفا
حمد و شکر اللہ کا لاؤ بجا

نعمتیں ہیں اوسکی تمپر اس قدر
جن کا گننا ہے محال انسان پر

کرد پیدا او شمارا از عدم
ہی وہ بیشک صاحبِ جود و کرم

اوس نے نطفے سے کیا پیدا تمھیں
اوس نے ماں کے پیٹ میں پالا تمہیں

تم کو ماں کے پیٹ سے پیدا کیا
صورتِ احسن میں پھر جلوہ دیا

اوسنے کی گردش زمانہ کی عجب
سال و مہ اور دن کئے تقسیم سب

ابتدا ماہ محرم سے ہوئی
انتہا ذی الحج کے اوپر اوسنے کی

کیوں نہیں تم پھر نصیحت مانتے
کیوں نہیں پھر سوچتے او جانتے

نیکیوں سے دور رہتے ہو مدام
لذتوں میں منہمک ہو صبح و شام

تم خطاؤں میں پھنسے ہو بے خطا
تم نہیں عبرت پکڑتے کچھ ذرا

باپ اور دادا تمھارے ہیں کہاں
ہمنشیں و دوست اور اہل زمان

گردش دوراں سبھوں کو کھا گئی
ایسی ہی تم کو بھی موت آجائیگی

پھر نہ کچھ حسرت تمھیں ہوگی مفید
رنج و غم اوسوقت ہو تم کو شدید

پس خدا کیواسطے تقویٰ کرو
ظاہر و باطن گناہوں سے بچو

سال نو آیا ہے تم پر بیگماں
قدر اوسکی تم کرو اے مومناں

مومنوں میں ہی وہ بندہ خوش نصیب
جو کرے اعمال اچھے ای حبیب

اوسکو خوشخبری ہی بندہ وہیں مدام
جو محرم کا کرے کچھ احترام

اسمیں موسیٰ کو ہوی حاصل نجات
اور ہوا فرعون غرق بحر بات

اسمیں عاشورہ کا اکدن ہے بڑا
جس نے احساں بال بچوں پر کیا

اسکو سمجھو سال بھر تک وے خدا
ہے یہہ ارشاد رسول دوسرا

اوسمیں آنحضرت نے ہے روزہ رکھا
اور بھی اصحاب حضرت نے کیا

اور ہوئے حضرت حسین اس دن شہید
کربلا میں سختیاں پاکر شدید

ظالمون نے سخت ظلم ان پر کیا
آب و دانہ بند ان پر کردیا

کرتے تھے تنگ اونکو ظالم سخت آہ
پر زباں پر اونکے تھا شکر الٰہ

ہاں اوٹھائیں سختیاں ہر جبر کی
پر نچھوڑی رہ اونہوں نے صبر کی

صبر اون کا صبر تھا صبر جمیل
جسکے نیچے بہ رہی تھی سلسبیل

اونکے گھر والے بھی تھے سب مبتلا
سختیوں میں درمیان کربلا

پیاس سے بچے تھے سب تفتہ جگر
سینہ خشک و حلق خشک و چشم تر

اشقیا نے قتل اون کو بھی کیا
جو نکرنا تھا غرض سب ہی کیا

سب بہتر تن ہوئے اونمیں شہید
رحمۃ اللہ علیہم اے حمید

ظالمون نے ظلم تھے کیا کیا کئے
ظالموں کو حق سزائے ظلم دے

کچھ نہ سید کا کیا پاس ادب
اونپہ نازل ہو جو ہو رب کا غضب

اون سے بدلہ لے جبار روز قیام
اِنَّهٗ مَلِكٌ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامْ

بانی اس کا تھا یزید ناخلف
دین و ایماں کردیا جس نے تلف

عالموں نے گو توقف ہے کیا
اوسکی لعنت میں ولیکن اے فتا

نَحْنُ لَا نَتَوَقَّفُ فِیْ شَانِهٖ
لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلٰی اَعْوَانِهٖ

جو کرے ان سختیوں پر چشم نم
انا للہ پڑھے با درد و غم

صابروں میں اوسکا بھی ہوگا شمار
مرتبہ عالی اوسے دے کردگار

پس کرو اسدمیں تم سب کام نیک	اور کرو توبہ گناہوں سے ولیک
اور کرو خیرات کا بھی اہتمام	فاتحہ خوانی کرو بہرِ امام
رحم تم پر تا کرے وہ ذوالجلال	داخلہ جنت کا ہو تم پر حلال
ہاتھ اوٹھا کر اب کرو تم سب دعا	پیش گاہِ مالکِ ارض و سما
اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا اَنْتَ السَّلَامُ	اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لَنَا دَارَ السَّلَامِ
تیرے بندے ہم ہیں بیشک پرخطا	ہم کو ہے اقرار اپنے جرم کا
اَنْتَ حَنَّانٌ اَنْتَ مَنَّانٌ اے کریم	دور رکھ تو ہم سے شیطانِ رجیم
اور گناہوں کو ہمارے بخش دے	اپنے احسان و کرم اور فضل سے
دے حمیدِ زار کو دار السلام	از طفیلِ روحِ پاکِ آلِ امام

اَللّٰهُمَّ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ ۚ نَحْنُ عِبَادُكَ الْعُصَاةُ الْمُذْنِبُوْنَ اِعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَارْحَمْنَا رَحْمَةً تُغْنِيْنَا عَمَّا سِوَاكَ وَاَدْخِلْنَا بِغَيْرِ حِسَابٍ دَارَ السَّلَامِ ۚ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الرَّبِّ الْكَرِيْمِ ۚ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۚ فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۔ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ۚ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ۚ اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ قَدِيْمٌ بَرٌّ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ وَرَبٌّ حَلِيْمٌ

ماہ محرم الحرام کی دوسری جمعہ کا خطبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ بَسَطَ الْاَرْضَ بِلَا مَدَدٍ وَّرَفَعَ السَّمَآءَ بِغَيْرِ عَمَدٍ وَّقَدَّرَ وَخَلَقَ الْخَلْقَ بِلُطْفِهٖ وَكَرَمِهٖ وَبِاَحْسَنِ الصُّوَرِ صَوَّرَهٗ ۚ هُوَ الَّذِيْ

كَرَّمَ وَلَدَ آدَمَ عَلٰى مَا سِوَاهُ وَفَضَّلَ نَبِيَّنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى
آلِهٖ وَسَلَّمَ عَلٰى سَائِرِ الْمَخْلُوْقَاتِ وَجَعَلَ آدَمَ وَمَنْ دُوْنَهٗ تَحْتَ لِوَائِهٖ
وَكَمَّلَهٗ ۝ نَحْمَدُهٗ حَمْدًا كَثِيْرًا عَلٰى اَنْ جَعَلَنَا مِنْ اُمَّةِ النَّبِيِّ الْمُخْتَارِ الَّذِيْ
عَظَّمَهٗ وَبَجَّلَهٗ ۝ لَمْ يَتْرُكْ لَنَا اِلَّا اَعْطَاهُ اِلَّا الْقَتْلَ فِي الْمَعْرَكَةِ فَخَصَّ بِهٖ
سَيِّدَنَا الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ وَّهُوَ ابْنُ بِنْتِهٖ وَمُتَبَنَّاهُ فَكَمَّلَهٗ بِهٖ وَبَجَّلَهٗ
وَنَشْكُرُهٗ عَلٰى اَنْ جَعَلَنَا مِنْ سَالِكِي الدِّيْنِ الْقَوِيْمِ ۝ وَالطَّرِيْقِ الْمُسْتَقِيْمِ
رَدَّ مَا سِوَاهُ وَتَقَبَّلَهٗ ۝ وَنَشْهَدُ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ
لَهٗ وَلَا ضِدَّ لَهٗ وَلَا نِدَّ لَهٗ ۝ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ
رَسُوْلُهُ الْمَبْعُوْثُ اِلٰى كَافَّةِ الْخَلْقِ فَمَا اَحْسَنَهٗ وَمَا اَكْمَلَهٗ ۝ اَمَّا بَعْدُ
عِبَادَ اللّٰهِ اِنَّ الدُّنْيَا دَارُ فَنَاءٍ لَا تَبْقٰى فِيْهَا بَقِيَّةٌ دَارُ الْمِحَنِ وَالْفِتَنِ
دَارُ الْاَكْدَارِ وَالْحُزْنِ ۝ دَارٌ غَدَرَتْ بِالْحُسَيْنِ وَالْحَسَنِ ۝ دَارٌ زَيَّنَهَا
اللّٰهُ تَعَالٰى لِامْتِحَانِ عِبَادِهٖ فَمَنْ تَرَكَهَا اَكْرَمَهٗ ۝ وَمَنْ طَلَبَهَا اَذَلَّهٗ سُبْحَانَهٗ
مَا اَعْظَمَ شَانَهٗ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَ الْخَلْقَ مِنْ نُطْفَةٍ ۝ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ
ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ وَهَدَاهُ اِلٰى سَبِيْلِ الْهِدَايَةِ وَسَهَّلَهٗ ۝ وَوَكَّلَ
بِكُلٍّ مِنَ الْاَنَاسِيِّ مِنْ عِبَادِهِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ ۝ يَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ وَ
يَكْتُبُوْنَ مَا يَفْعَلُوْنَ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۝ وَاَرْسَلَ عَلٰى
خَلْقِهٖ رُسُلًا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ وَجَعَلَ مِنْ سَادَاتِهِمْ خَاتَمَ الرُّسُلِ
خَتَمَ بِهِ الرِّسَالَةَ وَبَجَّلَهٗ ۝ وَبَيَّنَ الْحَرَامَ وَالْحَلَالَ وَزَجَرَ عَنِ الْمَعَاصِيْ
وَعَنْ صُحْبَةِ الْمَعَاصِيْ وَاَهْمَلَهٗ فَيَا اَيُّهَا الْعَاقِلُ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ تَعَالٰى

فِي السِّرِّ وَالْعَلَانِيَةِ ؛ وَصَرْفِ عُمْرِكَ فِي الْعِبَادَةِ وَالْانْزِجَارِ عَنِ الْمَعْصِيَةِ
وَالْزِمْ عَلَيْكَ طَاعَةَ الْمَوْلَى وَافْعَلْ مَا تُؤْمَرُ وَانْتَهِ عَمَّا تُنْهَى عَنْهُ وَاسْكِنْ
قَلْبَكَ مَحَبَّتَهُ وَعَلَيْكَ بِالْتِزَامِ اَدَاءِ الصَّلَوَاتِ مَعَ الْجَمَاعَاتِ فَمَنْ شَذَّ عَنِ
الْجَمَاعَةِ شَذَّ فِي الضَّلَالَةِ ؛ وَاِيَّاكَ ثُمَّ اِيَّاكَ اَنْ تُطِيعَ الْاَقْرَانَ ؛ فَاِنَّهُمْ
اَشَدُّ الزَّمَانِ يَضْحَكُونَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ بِالسِّرِّ وَالْاِعْلَانِ ؛ وَيَاكُلُوْنَ
لُحُوْمَ الْاِخْوَةِ بِالْاَسْنَانِ ؛ يَتْرُكُوْنَ الصَّلَوَاتِ ؛ وَيَفِرُّوْنَ مِنَ الْجَمَاعَاتِ
يُحَقِّرُوْنَ الْمُسْلِمِيْنَ ؛ وَلَا يُصْلِحُوْنَ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؛ يَتَكَلَّمُوْنَ بِاُمُوْرِ
الدُّنْيَا فِي الْمَسَاجِدِ ؛ وَيَطْعَنُوْنَ عَلَى الْمَهَاجِرِ وَالْمُجَاهِدِ ؛ يُكْثِرُوْنَ الْمَنَامَ
وَيُبَالِغُوْنَ فِي فُضُوْلِ الْكَلَامِ ؛ اِتَّخَذُوْا جُهَّالَهُمْ عُلَمَاءَ ؛ وَسُفَهَاءَهُمْ
فُقَهَاءَ ؛ فَاسْتَفْتَوْا مِنْهُمْ وَهُمْ اَفْتَوْا ؛ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا وَلَمْ يَخْشَوْا ؛ اِتَّخَذُوا
الْبِدْعَةَ سُنَّةً فَعَلَيْهِمْ وِزْرُهُمْ وَوِزْرُ مَنِ اقْتَدٰى بِهِمْ ؛ وَالسُّنَّةَ
بِدْعَةً فَعَلَيْهِمْ وَبَالُهُمْ وَوَبَالُ مَنْ تَاَسّٰى بِهِمْ ؛ تَبَاغَضُوْا بِالْقُلُوْبِ
وَتَحَابُّوْا بِالْاَلْسِنِ وَاَفْشَوُا النِّفَاقَ بَيْنَهُمْ فَاِنِ اقْتَدَيْتَ بِهِمْ فِي هٰذِهِ
الْخِصَالِ فَقَدْ اَفْسَدْتَ عَلَيْكَ وَاِنْ خَالَفْتَهُمْ نِلْتَ الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى
وَالْقُرُبَاتِ الْعَلِيَّةَ فِي الْجَنَّةِ وَاَمَا تَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَطَّلِعُ عَلٰى مَعَاصِيْ
عِبَادِهِ وَلَا يَخْفٰى عَلَيْهِ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ ؛ ثُمَّ لَا يَفْضَحُهُمْ وَيَسْتُرُ عُيُوْبَهُمْ وَاِنْ
تَابُوْا يَغْفِرُ ذُنُوْبَهُمْ فَمَا اَجْمَلَ الْخَالِقَ وَمَا اَفْضَلَهُ ؛ اَمَا تَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ
تَعَالٰى يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ؛ وَمَنْ خَلَقَ الْخَلْقَ قَادِرٌ عَلَى الْحَشْرِ
وَالنُّشُوْرِ ؛ وَيَحْضُرُ فِي الْحَضَرِ الْعَامَّةَ ؛ وَيُنَاقِشُ كُلًّا مِنَ الْخَوَاصِّ

وَالعَوامِّ وَيَسْأَلُہُ عَنْ مَالٍ فِيْمَا اكْتَسَبَہُ وَعَنْ عُمُرٍ فِيْمَا اَفْنَاہُ وَ
عَنْ وَقْتٍ فِيْ مَا ضَيَّعَہُ فَهَلْ تَقْدِرُ عِنْدَ ذٰلِكَ
عَلَى الْجَوَابِ اَوْ تَنْفَعُكَ الرِّسَالَةُ وَالْكِتَابُ اَوْ تَنْفَعُكَ شَفَاعَةُ الشَّافِعِيْنَ
اِلَّا اَنْ يَّرْحَمَكَ رَبُّكَ فَيَنْظُرَ اِلَيْكَ بِنَظَرِ الْمَغْفِرَةِ اَقُوْلُ قَوْلِيْ هٰذَا
وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْ اِلَى اللهِ اِنَّهٗ بَصِيْرٌ بِمَا تَفْعَلُهٗ هٰذَا تَذْكِرَةٌ
لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّتَذَكَّرَ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَہٗ

حمد ہے اللہ کو اے مومنین — بے مدد اوسنے کیا فرش زمیں
آسماں کو بے ستوں قایم کیا — اپنی حکمت سے اوسے جکڑا دیا
خلق کو بھی لطف سے پیدا کیا — اچھی صورت سے اوسے جلوہ دیا
اشرف المخلوق انساں کو کیا — اوسمیں افضل ہیں محمد مصطفےٰ
حضرت آدم اونکے ہیں زیر علم — ماسوا بھی اونکے سب بے بیش و کم
حمد و شکر اوسکا کہا تک ہم کرین — جسنے امت میں کیا اونکی ہمین
راہ دیں اوسنے دکہائی ہمکو ٹھیک — ہے وہ بیشک ذات واحد لاشریک
اور محمد اسکے ہیں پیغمبر — جو کہ ہیں مبعوث ساری خلق پر
ہیں وہ سب پیغمبروں کے بھی امام — ہو درود انپر خدا کا اور سلام
بعد ازیں اے اہل دنیا گوشدار — دار دنیا ہے بہت ناپایدار
دار فانی ہے یہ اور ہے دار غم — اسمیں محنت ہے بہت راحت ہے کم
اسکی غداری کو ہیں سب جانتے — بیوفائی اسنے کی شخصین سے
ظاہر اسکا خوب اور باطن خراب — جسنے چھوڑا اسکو وہ پائے ثواب

جو طلب اسکو کرے وہ ہو ذلیل — پیشگاہ حضرت ربّ جلیل
پاک ہے وہ شان ہے اوسکی بڑی — اوسنے خلقت خلق کی نطفہ سے کی
اور دکھائی خلق کو راہِ ہدا — انبیا کو کرکے ان کا پیشوا
ایہا العاقل تجھے لازم ہے اب — تو کرے تقویٰ خدا کا روز شب
عمر اپنی کر عبادت میں تمام — امر و نہی حق پہ قائم رہ مدام
بچ کبائر سے نکر کوئی گناہ — دل میں پیدا کر فقط حبّ الٰہ
اور ہمیشہ رہ تو پابند نماز — با جماعت کر ادا اے پاکباز
چھٹک جماعت سے نہ تو ہرگز کبھی — اور اطاعت تو نہ کرنا اہل کی
ان فقیہوں کو نہ کر تو پیشوا — جو ہوں اہل حرص اور اہل ہوا
اہلِ بدعت کا نکر تو احترام — اور نہ ہو آزاد سے تو ہمکلام
انکے پیرو سب کے سب گمراہ ہیں — جو بچیں اونسے وہ عالیجاہ ہیں
کیا نہیں واقف ہے تو اسبات سے — ہے خدا آگاہ سب ذرات سے
جانتا ہے سب پوشیدہ ذنوب — پر چھپاتا ہے وہ ستار العیوب
جب کرے توبہ گناہوں سے کوئی — بخش دیتا ہے وہ پھر سب کے سبھی
حق تعالیٰ یَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْر — اور وہ قادر حشر پر بھی ہے ضرور
حشر میں سب کو بلائیگا وہ رب — تم سے پوچھیگا وہ حال اعمال سب
پھر بتاؤ تم کہ کیا دو گے جواب — جبکہ لے وہ ذرہ ذرہ کا حساب
پھر وہاں سے کچھ نہ تم سے بن پڑے — ہاں مگر وہ رحم جب اپنا کرے
قول میرا ہے یہی رکھ اسکو یاد — اِنَّہٗ رَبٌّ بَصِیْرٌ بِالْعِبَاد

اور نصیحت یہ مری قرآن سے لے	کام اپنے کر سپرد اللہ کے
اہل اسکا جو کوئی ہو مرد رہ	ہے اونیکے واسطے یہ تذکرہ
ہم ہیں تیرے بندے یارب پرخطا	ظلم ہے ہمنے اپنے نفسوں پر کیا
تو بچاوے گا خسارہ سے ہمیں	ساتھ ہو نیکوں کا ہمکو حشر میں
عہد ہے تجھکو ہی یا ربُّ العلا	ہمکو شیطان لعین سے تو بچا

اَللّٰهُمَّ اِنَّا عِبَادُكَ الْعُصَاةُ الْمُجْرِمُوْنَ ظَلَمْنَا اَنْفُسَنَا فَلَا تَجْعَلْنَا مِنَ الْخَاسِرِيْنَ وَ
اجْعَلْنَا مَعَ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ ؕ آمِيْن ؕ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ
مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ؕ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَا اَكْفَرَهٗ ؕ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ مِنْ
نُّطْفَةٍ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ؕ ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ؕ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ؕ ثُمَّ
اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ؕ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ؕ وَنَفَعَنَا وَ
اِيَّاكُمْ بِالْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ؕ اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ قَدِيْمٌ بَرٌّ
رَؤُوْفٌ رَّحِيْمٌ وَّرَبٌّ حَلِيْمٌ ؕ

ماہ محرم الحرام کی تیسری جمعہ کا خطبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلَيْنَا الْكِتَابَ ؕ وَجَعَلَ لَنَا طُرُقَ الْهِدَايَةِ وَالْاَسْبَابَ
نَحْمَدُهٗ عَلٰى اَنْ جَعَلَ النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقَ الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقَ الْمُضْغَةَ
عِظَامًا وَّجَعَلَ اَصْلَهَا التُّرَابَ ؕ سُبْحَانَهٗ مَا اَعْظَمَ شَانَهٗ خَلَقَ الْخَلْقَ
مِنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰى وَجَعَلَهٗ شُعُوْبًا وَّقَبَآئِلَ فَمِنْهُمُ الْعُصَاةُ وَمِنْهُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ
نَشْكُرُهٗ عَلٰى اَنْ اَرْسَلَ اِلَيْنَا نَبِيَّنَا وَحَبِيْبَنَا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ شَفِيْعًا لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ

فِي الْآخِرَةِ ؛ وَانْتَخَبَهُ حَقَّ الْاِنْتِخَابِ ؛ وَنَشْهَدُ أَنَّهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ وَحْدَهُ
لَا شَرِيكَ لَهُ الْعَزِيزُ الْوَهَّابُ ؛ وَنَشْهَدُ أَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ
الْمُؤَيَّدُ بِالْحُجَجِ الْقَاطِعَةِ وَالْبَرَاهِينِ السَّاطِعَةِ وَفَصْلِ الْخِطَابِ ؛ أَمَّا بَعْدُ
أَيُّهَا النَّاسُ انْظُرُوا إِلَى بَدَائِعِ صُنْعَةِ رَبِّكُمْ وَعَجَائِبِ حِكْمَةِ مَوْلَاكُمْ كَيْفَ
خَلَقَكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَأُنْثَى ؛ ثُمَّ جَعَلَ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ شَتَّى ؛ وَبَعَثَ عَلَيْكُمْ
رُسُلًا وَأَنْبِيَاءَ وَاجْتَبَى مِنْكُمُ الْأَصْفِيَاءَ وَالْأَحْبَابَ ؛ وَسَهَّلَ لَكُمْ طَرِيقَ النَّجَاةِ
وَالْفَلَاحِ ؛ وَيَسَّرَ سَبِيلَ الْهِدَايَةِ لِلنُّفُوسِ وَالْأَرْوَاحِ ؛ وَبَيَّنَ الْحَلَالَ
وَالْحَرَامَ ؛ وَأَوْضَحَ مُشْتَبِهَاتِ الْأَحْكَامِ ؛ وَحَدَّ لَكُمْ حُدُودًا فَمَنْ تَعَدَّى
حُدُودَ اللّٰهِ فَأُولٰئِكَ مِنْ أَهْلِ الْعَذَابِ ؛ فَيَا أَيُّهَا الشُّيُوخُ سَيَأْتِيكُمْ
هَادِمُ اللَّذَّاتِ وَمُفَرِّقُ الْجَمَاعَاتِ فَقَدْ ذَهَبَ الشَّبَابُ ؛ فَاتْرُكُوا اللَّهْوَ
وَاللَّعِبَ وَانْحَرِفُوا عَنِ الْمَسَرَّةِ وَالطَّرَبِ لِتَنَالُوا حُسْنَ مَآبٍ ؛ مَا هٰذِهِ الْغَفْلَةُ
وَقَدْ أَتَاكُمُ الزَّاجِرُ ؛ وَمَا هٰذِهِ الْغَشَاوَةُ وَقَدْ نَهَرَكُمُ النَّاهِرُ ؛ وَهُوَ الشَّيْبُ
بَعْدَ الشَّبَابِ ؛ اُتْرُكُوا الدُّنْيَا الدَّنِيَّةَ فَإِنَّهَا جِيفَةٌ وَطُلَّابُهَا كِلَابٌ ؛
زُيِّنَ لَكُمْ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنْطَرَةِ
مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاللّٰهُ عِنْدَهُ حُسْنُ الْمَآبِ
وَيَا أَهْلَ الشَّبَابِ ذَهَبَ أَوَانُ الصِّبَا ؛ وَفَاتَ زَمَانُ الْمُسَامَحَةِ
وَالْغِنَاءِ ؛ وَجَاءَ وَقْتُ التَّكْلِيفِ وَامْتِثَالِ أَوَامِرِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ ؛ فَإِنْ
كُنْتُمْ تُقَصِّرُونَ عَنِ الطَّاعَةِ فِي هٰذَا الْوَقْتِ فَفِي أَيِّ زَمَانٍ تُطِيعُونَ
وَإِنْ تَصْرِفُوا هٰذَا الْوَقْتَ فِي اللَّهْوِ وَاللَّعِبِ فَفِي أَيِّ وَقْتٍ تَتَّقُونَ

اغتنموا اربعاً قبل اربعٍ الحیوۃ قبل الموت والصحۃ قبل المرض
والغنا قبل الفقر وقبل المشیب الشباب ؛ لئلا تقولوا حین الشیب
لیت الشباب یعود وھو لا یعود الی ان یقوم یوم الحساب ؛ علیکم
بقلۃ الطعام وقلۃ المنام ؛ وقلۃ الکلام وھجران المعاصی والاثام ؛
ومواظبۃ الصیام ودوام القیام ؛ واحتمال الجفاء من الانام
وترک مجالسۃ السفھاء والعوام ؛ وصحبۃ الصالحین والکرام ؛ وافشوا
السلام واطعموا الطعام ؛ وصلوا الارحام وصلوا باللیل والناس نیام
وحاسبوا انفسکم قبل ان تحاسبوا فان اللہ تعالی سریع الحساب
یحاسبکم علی کل ذرۃ ؛ ویناقشکم کل خصلۃ ؛ وھو اعلم بما لکم وعندہ
علم الکتاب ؛ اترکوا الذنوب باسرھا ؛ وتوبوا من الصغائر والکبائر
بکلھما فان المسلم من سلم المسلمون من لسانہ ویدہ والمجاھد من
جاھد نفسہ والمھاجر من ھاجر ما نھی اللہ ورسولہ وتذکر
حساب یوم الحساب ؛ وایاکم ثم ایاکم ان تقعوا فی الغیبۃ فانھا اشد
من الزنا وانصروا اخوانکم فان الساکت شریک المغتاب ؛ قال النبی صلی
اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم من ذب عن لحم اخیہ کان حقا علی اللہ
ان یعتقہ من النار فمن اغتاب او سمعھا بعث یوم القیامۃ مھانا
مخذولا محاطا مسؤلا وکان مابہ شراب ؛

حمد وشکر اللہ کا ہم سب کریں	جسنے قرآن اور نبی بخشا ہمیں
علم دین کی فرض ہے تم پر طلب — اہل اور اولاد سب کو دو ادب
اور غریبون کو بھی سکھلاؤ تمیز — سب بتاؤ نفع اور نقصان کی چیز
کیونکہ خَیرُ النَّاسِ مَنْ یَنْفَعُ لَہُم — ہر طرح پر نفع پس پہنچاؤ تم
خاصکر لوگون کو تنبیہ نماز — تم سدا کرتے رہو اے اہل راز
ہفت سالہ ہون تمہارے جب پسر — اونسے پڑہواؤ نمازین حکم کر
دس برس کے ہون تو پھر مارو انہین — ترک گر فرضی نمازین وہ کرین
امر بالمعروف تم کرتے رہو — نہی منکر سے اونہین آگہ کرو
دین مین رخنہ نہ ڈالو تم ذرا — بدعتون کو چھوڑ دو بہر خدا
کیونکہ ہر بدعت ضلالت ہی بڑی — اور ضلالت راہبر ہے آگ کی
مومنون مین ہو اگر باہم فساد — صلح اونمین تم کرا دو اے عباد
صلح کا اونمین نمانے جو پیام — تم بھی سرکش سے لڑو پھر لا کلام
بس کرو کوشش یہانتک سربسر — تاکہ وہ آجائین راہ راست پر
خوب آپس مین رکھو تم اتفاق — دور کر دو اپنے دل سے سب نفاق
دل مین کچھ بغض و حسد تم مت رکھو — پیٹھ پیچھے بد کسی کو مت کہو

ایک دل اور قول سب ہو جاؤ تم بھائی بھائی ایک اب ہو جاؤ تم

خندہ پیشانی سے آپسمین ملو اور محبت سے سلام اول کرو

اے عزیزو دعوتین باہم کرو رنج و راحت مین شریک اوسکے رہو

مفسدہ کوئی نہ تم برپا کرو اور تم قطع رحم سے بھی بچو

رشتہ دارون سے کرو اچھا سلوک ہے یہی حکم شہ حجابہ ملوک (لقب فخر الانبیا ۱۲)

اپنے نفسون کی محاسب تم رہو خلوتون مین بیٹھکر رویا کرو

جو گنہ تم سے کہ ہون سرزد ہوے یاد کرکے ہو و نادم بیشکے

اور پڑھو شب کو تہجد کی نماز ہے وہ دابِ صالحان پاکباز

تاکہ تمپر رحم فرمائے خدا عرش کے نیچے رکھے روزِ جزا

سامنے حق کے اوٹھاکر دونون ہاتھ تم دعا دلسے کرو زاری کے ساتھ

اور استغفار بھی اوس سے کرو سچے دل سے اوسکے آگے یون کہو

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَحْمٰنُ الرَّحِیْم فَاعْفُ عَنَّا یَا غَفُوْرُ یَا کَرِیْم

حمد ہے تجھکو کہ تو نے اے علی ہمکو بخشا ہے جہان مین سے نبی

جو کہ ہے ہمپر رحیم اور مہربان شافع ہو اوسپر ہمارا سب زبان

کی کفایت تو نے جسکی یا الٰہ تجھسے تھا جس کا توکل اور پناہ

تو ہے بیشک مالکِ عرشِ عظیم ذات بابرکات ہے تیری قدیم

ہے بھروسہ تجھپہ میرا بھی مجیب ورد مین ہے حسبی اللّٰہ الحسیب

اَللّٰهُمَّ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ۞ اِنَّكَ عَفُوٌّ كَرِیْمٌ ۞ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ
عَنَّا یَا كَرِیْمُ ۞ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۞ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ

الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۞ لَقَدْ جَاۤءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۞ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۞ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ۞ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَّلِكٌ قَدِيْمٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ وَّرَبٌّ حَلِيْمٌ ۞

ماہ جمادی الاخریٰ کی تیسری جمعہ کا خطبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۞ خَالِقِ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَكِيْنٍ ۞ مُدَبِّرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ ۞ اَحْمَدُهٗ حَمْدًا كَثِيْرًا كَحَمْدِ الشَّاكِرِيْنَ ۞ وَاَشْكُرُهٗ شُكْرًا كَثِيْرًا فِيْ كُلِّ حِيْنٍ ۞ اَشْهَدُ اَنْ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَلَا نَظِيْرَ لَهٗ وَلَا مُعِيْنَ ۞ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ سَيِّدُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰۤى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَمَنْ تَبِعَهُمْ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ۞ اَمَّا بَعْدُ مَعَاشِرَ الْحَاضِرِيْنَ ۞ اِتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ۞ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى

وَاِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ؛ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ
مَخْرَجًا وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَيَجْعَلُهٗ
مِنَ الْفَالِحِيْنَ ؛ وَاِيَّاكُمْ وَالشِّرْكَ الْاَكْبَرَ وَالْاَصْغَرَ
فَمَنْ اَشْرَكَ بِاللّٰهِ فِيْ ذَاتِهٖ اَوْ صِفَاتِهٖ حَبِطَتْ
اَعْمَالُهٗ وَصَارَ مِنَ الْهَالِكِيْنَ ؛ وَاشْكُرُوا اللّٰهَ
عَلٰى نَعْمَائِهٖ ؛ وَاحْمَدُوْهُ عَلٰى اٰلَائِهٖ ؛ فَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ
اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِيْنَ ؛ وَتَذَكَّرُوا الْيَوْمَ يَتَذَكَّرُ
الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى يَوْمَ
يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ ؛ ذَالِكَ يَوْمٌ تُفْتَضَحُ
فِيْهِ الْخَلَائِقُ وَتُكْشَفُ فِيْهِ اَسْتَارُ السَّاتِرِيْنَ ؛ وَيُسْاَلُ
فِيْهِ كُلُّ عَبْدٍ عَنْ كُلِّ فِعْلٍ وَّقَوْلٍ ؛ وَيُحَاسَبُ عَلٰى
كُلِّ طَوْلٍ وَّحَوْلٍ ؛ وَيُخَاصِمُ فِيْهِ الرَّجُلُ مَعَ زَوْجَتِهٖ
وَالْاَخُ مَعَ اَخِيْهِ وَالْوَلَدُ مَعَ وَالِدَيْهِ وَالْوَالِدَانِ
مَعَ الْبَنَاتِ وَالْبَنِيْنَ ؛ وَيُعْطٰى فِيْهِ كُلُّ ذِيْ حَقٍّ حَقَّهٗ
وَيُوَفّٰى كُلُّ مُسْتَحِقٍّ مَا اسْتَحَقَّهٗ ؛ وَيُنَادِيْ مُنَادٍ
اَلَا لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظَّالِمِيْنَ ؛ فَاللّٰهَ اللّٰهَ عِبَادَ
اللّٰهِ اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصَّادِقِيْنَ ؛ وَاسْتَغْفِرُوْا
يُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ ؛ وَلَازِمُوْا اَدَاءَ الصَّلَوَاتِ
الْخَمْسِ مَعَ الْجَمَاعَاتِ فَمَنْ حَافَظَ عَلَيْهِنَّ كُنَّ لَهٗ نُوْرًا

وَبُرْهَانًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَنْ لَمْ يُحَافِظْ عَلَيْهِنَّ
حُشِرَ مَعَ فِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَقَارُوْنَ وَاُبَيِّ بْنِ
خَلَفٍ وَسَائِرِ الشَّيَاطِيْنِ ۞ وَصُوْمُوْا شَهْرَكُمْ وَ
اَدُّوْا زَكوٰةَ اَمْوَالِكُمْ وَحُجُّوْا قَبْلَ اَنْ لَا يُحَجَّ الْبَيْتَ
وَأْتَمِرُوْا بِمَآ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ بِهٖ وَانْتَهُوْا عَمَّا نَهَاكُمْ
عَنْهُ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ الْغَافِلِيْنَ ۞ وَتَوَكَّلُوْا
عَلَى اللّٰهِ فِيْ كُلِّ الْاُمُوْرِ ۞ وَاصْبِرُوْا عَلٰى
نَوَائِبِ الدُّهُوْرِ ۞ فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ
وَهَوِّنُوْا عَلٰى اَنْفُسِكُمْ هُمُوْمَ الدُّنْيَا فَمَنْ كَانَ
اَكْبَرُ هَمِّهِ الدُّنْيَا اسْتَحَقَّ الْعَذَابَ الْمُهِيْنَ ۞ اَمَا
سَمِعْتُمْ قَوْلَهٗ تَعَالٰى وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ
اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا
كُلٌّ فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ ۞

حمد ہے اللہ رب العالمین — خالق کون و مکان و ہر مکین
حمد و شکر اوسکا کریں ہم ہر زمان — ایک ہے وہ مالک ہر دو جہان
دوسرا کوئی نہیں اوسکا شریک — ہے وہی اللہ واحد لا شریک
اور محمد ہیں رسول اوسکے امین — سید کل اولین و آخرین
ہو درود اونپر خدا کا بیشتر — پھر ہو آل و اصحاب و اتباع پر
بعد ازاں اے حاضرین عصر ما — تم کرو تقوی خدا کا خوب سا

جب مرو تو ہو کے مومن تم مرو | زاد تقوی ساتھ لیکر تم چلو
جو کوئی تقوی کرے پورا ادا | غیب سے رزق اسکو پہنچائے خدا
متقی کے ہین کشادہ راستے | ہو قیامت مین فلاحیت اسکے
اور بچو تم شرک سے اخاص و عام | شرک اکبر شرک اصغر سے مدام
شرک ہو فی الذات یا ہو فی الصفات | دونون ہین مردود سنلو میری بات
جو شریک اللہ کا مانے کوئی | نیکیان برباد ہون اوسکی سبھی
سب گناہونکی ہے بخشش بالیقین | شرک کی بخشش ولے ہرگز نہین
شرک سے اے صاحبو توبہ کرو | اور استغفار تم کرتے رہو
شکر اسکی نعمتون کا تم کرو | بندۂ ناشکر ہرگز مت بنو
یاد رکھو دن قیامت کا مدام | جبکہ دوزخ سامنے آئے تمام
جبکہ ظاہر ہون عیوب جملہ کس | اور فضیحت ہو بڑے زورکی بس
ہو گرفت ہر اک کے قول و فعل پر | اور کمی بیشی پہ جھگڑا ہو مگر
ہو میان۔ بی بی پہ جب فریاد خواہ | یا کہ ہو بی بی۔ میان پر داد خواہ
یا کہ بھائی بھائی کا شکوہ کرے | یا کہ بیٹا باپ اور مان سے لڑے
یا کرین مان باپ بیٹون کا گلہ | یار اپنے یار سے چاہے صلہ
ہو وہان حقدار کا حق سب ادا | مستحق کا ہو عوض پورا وفا
ظالمون پر سخت ہو لعن و عتاب | اور ہو مظلوم پر رحم و ثواب
پس ڈرو اللہ سے ای مومنین | اور نہ مارو حق کسی کا بالیقین
پنجگانہ تم نمازون کو پڑھو | اور حفاظت اونکی تم پوری کرو

جو نہین پڑہتا نمازِ فرض کو / حشر مین فرعون کے وہ ساتھ ہو
اور رکھو رمضان کو روزے تمام / دو زکوۃ مال پوری لا کلام
حج بیت اللہ بھی جا کر کرو / اور امر و نہی کے پابند ہو
اور توکل تم کرو ہر کام مین / صبر کو چھوڑو نہ تم آلام مین
جو توکل کرتا ہے اللہ پر / اوسپہ وہ کرتا ہے رحمت کی نظر
کار دنیا کو کرو تم اختصار / کچہ نرکھو اپنے دل پر اوسکا بار
جو کوئی دنیا کو دلمین دے جگہ / مستحقِ نار ہو وہ غمزدہ
چھوڑ دنیائے دنی مردار کو / اور کہو دل سے تم اوس غفار کو
تو ہی ہے رحمٰن و ارحم یا غفور / اور ہم ہین بندگانِ پُر قصور
بحرِ عصیان مین ہین ہم غرق ابتدا / ہکو اوس طوفان سے ابتو کر جدا
جنتو مین اپنی داخل کر ہمین / انبیاؤ اولیا کے ساتھ مین
حفظ ہے مخصوص تجھکو یا الٰہ / دے ہمین شیطانِ ملعون سے پناہ
اور دکھو او صدق اے ذو الجلال / حق ہے سب تیرا کلام بیمثال

وَقَوْلُنَا مِنْ صَمِيْمِ الْفُؤَادِ مَعَ التَّضَرُّعِ وَالْاَنِيْنِ ۞ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۞ نَحْنُ غَرْقَى فِيْ بِحَارِ الْعِصْيَانِ فَاَخْرِجْنَا مِنْهَا وَاَدْخِلْنَا جَنَّتَكَ مَعَ النَّبِيِّيْنَ وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصَّالِحِيْنَ ۞ وَسَامِحْنَا وَاعْفُ عَنَّا وَاسْتُرْ زَلَّاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا وَاقْضِ حَاجَاتِنَا وَاَعْطِ اُمْنِيَّاتِنَا فَاِنَّكَ مُجِيْبُ الدَّاعِيْنَ

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ؛ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ ؛ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ؛ يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ؛ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ؛ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ؛ اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ قَدِيْمٌ بَرٌّ رَّؤُفٌ رَّحِيْمٌ وَّرَبٌّ حَلِيْمٌ

ماہ جمادی الاخریٰ کی چوتھی جمعہ کا خطبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَجَزَتْ عَنْ اِدْرَاكِ كُنْهِهِ الْعُقُوْلُ وَالْاَوْهَامُ ؛ وَتَحَيَّرَتْ فِيْ دَرْكِ سِرِّهِ الْمَدَارِكُ وَالْاَفْهَامُ ؛ جَلَّتْ قُدْرَتُهٗ وَعَظُمَتْ سَطْوَتُهٗ يُقَلِّبُ اللَّيَالِيَ وَالْاَيَّامَ ؛ وَيُنَزِّلُ الْغَيْثَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْاَرْحَامِ فَسُبْحَانَهٗ مِنْ اِلٰهٍ تَفَرَّدَ بِخَلْقِ الْخَلْقِ وَحُسْنِ الْاِنْتِظَامِ ؛ اَشْهَدُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ فِي النَّظْمِ وَالْاَحْكَامِ ؛ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ صَاحِبُ الشَّفَاعَةِ وَالْمَقَامِ ؛ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَسَلَّمَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامِ ؛ اَمَّا بَعْدُ فَيَآ اَيُّهَا الْاِخْوَانُ وَالْخِلَّانُ اِلٰى مَتٰى هٰذَا التَّمَادِيْ فِي الْغَفْلَةِ ؛ اِلٰى مَتٰى

هٰذا الانهماك في قضاء الشهوه ؛ الى متى هٰذه
الجراءة في اكتساب الحرام ؛ اما تعتبرون بانقلاب
الليالي والايام ؛ اما تتفكرون في سير من مضى
من الكرام ؛ كانوا يجتهدون في العبادة غاية
الاجتهاد ويجتنبون الشرور والفساد والاثام
كانوا لا يخافون في الله لومة لائم ولا يداهنون
في اوامر الملك الدائم القيام ؛ صرفوا اعمارهم
في اتباع الشرائع ونقّوا ارواحهم وابدانهم
من القبائح العظام ؛ وتقربوا الى الله بكثرة
الاوراد والاذكار ولازموا كثرة النوافل التي
تقربا الى العزيز العلام ؛ وامسكوا السنتهم عن
الغيبة والنميمة والكذب والخصومة وسائر
المهلكات الجسام ؛ وبالغوا في تصفية قلوبهم
من البغض والحسد والحرص والحقد والعجب والكبر
وحب الجاه والفخر وسائر الموبقات العظام ؛ ففازوا
بالمراتب العليا ونالوا الفضائل القصوى واستحقوا
دار السلام ؛ فطوبى لهم وبشرى لمن تبعهم بالسلامة
من الالام ؛ فيا عجبا منكم تنتسبون اليهم وتدعون
انكم منهم ولا تمشون طرقهم ولا تسلكون هديهم

وَتُخَالِفُوهُمْ سَائِرَ اللَّيَالِي وَالْأَيَّامِ ۞ أَمَا سَمِعْتُمْ قَوْلَ
نَبِيِّنَا صَلَّى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَبُّهُ ۞ مَنْ بَطَّأَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ
يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ ۞ أَمَا عَلِمْتُمْ أَنَّ مُجَرَّدَ الْانْتِسَابِ إِلَى
أَصْحَابِ الْمَرَاتِبِ الْعَلِيَّةِ لَا يُفِيدُ يَوْمَ الْحَشْرِ وَالْآلَامِ
فَتَنَبَّهُوا مِنْ نَوْمِ الْغَفْلَةِ وَاخْشَوْا يَوْمَ الْمُحَاسَبَةِ
وَالْانْتِقَامِ ۞ وَاسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ فِي خَلَوَاتِكُمْ وَجَلَوَاتِكُمْ مِنَ الذُّنُوبِ
وَالْآثَامِ ۞ وَقُولُوا بَاسِطِي أَكُفِّ السُّؤَالِ إِلَى الْعَزِيزِ الْعَلَّامِ

حمد ہے اللہ برتر کو سدا ۔ ہے وہ ساری خلق کا فرمان روا
اوسکی قدرت ہی بڑی سطوت عظیم ۔ رات دن کو وہ پلٹتا ہے حکیم
مینہہ برساتا ہے جگ مین وہ تعال ۔ جانتا ہی ماؤن کے پیٹون کا حال
پاک ہی وہ فرد خلاق انام ۔ اوسنے کیا اچھا کیا یہ انتظام
ایک ہی وہ حکم و نظم دہر مین ۔ اور پیمبر اوسکے برتر سب مین
ہین ہمارے شافع روز جزا ۔ ہون درود ان اور سلام اونپر سدا
بعد ازین اے دوستان نیک پے ۔ غفلتون مین تم رہوگے تا بکے
روز و شب اس انقلاب دہر کو ۔ کیون نہین تم دیکھتے اے دوستو
کیون نہین لیتے سبق تم بیشکے ۔ صالحین سابقین کے حال سے
صالحین گذرے ہین پہلے جتنے سب ۔ ہان چلو نقش قدم پر اونکے اب
کرتے کوشش وہ عبادتمین بڑی ۔ اور فساد و شر سے رہتے تھے بری
بچتے تھے وہ خواہشات نفس سے ۔ کام کرتے تھے خدا کے واسطے

امرِ حق میں وہ نہ ڈرتے تھے کبھی / کچھ ملامت کی اونہیں پروا نہ تھی
شرع کے احکام پر وہ تھے مقیم / راہ چلتے تھے ہمیشہ مستقیم
غیبت و بغض و حسد سے دور تھے / کذب و عجب و حرص سے نفور تھے
رات دن ذکرِ خدا تھا اونکا کام / جب ہوئے وہ قابلِ دار السلام
پس مبارکباد ہے اونکے لئے / اور اوسکو راہ اونکی جو چلے
ہے تعجب اون سے جو اپنا نسب / کرتے ہیں منسوب اون سے با طرب
چال چلتے ہیں وہ پر اونکے خلاف / پس ہے باطل اونکا سب لاف و گزاف
حشر کے دن یہ نہ کچھ کام آئیگا / وان عمل ہر اک سے پوچھا جائیگا
دیکھو فرماتے تھے یہ احمد نبی / مومنوں سے اور بنی ہاشم سے بھی
ہو عمل جس شخص کا سست اور خراب / کچھ نہ لیجائے نسب اوسکو شتاب
کچھ نہ کام آئے نسب محشر کے دن / تم نہو عالی نسب پر مطمئن
ہوں عمل اچھے تمہارے گر یہاں / جب تو بخشے جاؤگے بیشک وہاں
اور عمل ہوں گر تمہارے سست برے / تو نسب عالی نہ تمکو کام دے
کچھ تو سوچو اب ذرا اے غافلو / جب نسب کی بھی ہاں پرسش نہو
پھر ہماری اور تمہاری کیا شمار / کیا کرینگے پیش ہم اعمال زار
نامۂ اعمال ہیں اپنے سیاہ / کیا دکھائینگے عمل ہم آہ آہ
ہائے ہم سے کچھ نہ کام اچھا بنا / ربنا انا ظلمنا انفسنا
یا وکیل و یا کفیل و یا الٰہ / کچھ نہیں ہے پاس اپنے زاد راہ
ہم تہیدست اور مفلس ہیں تمام / تیرے لطف و فضل پر ہے اپنا کام

ہم گنہ مین غرق ہین سر تا بپا — اور نسب بھی ہو نہ کچھ اپنا بڑا
ہم کرینگے عذر کیا تیرے حضور — ہم کسی قابل نہین ہین اے غیور
پھر کرین ہم فخر اب کس بات کا — ہے بھروسہ صرف تیری ذات کا
پاس اپنے کچھ نہین اے داو گر — ہان وسیلہ ایک ہے اپنا مگر
پیش کرتے ہین وہ ہم آگے ترے — ہم ہین امت مین تری محبوب کے
فخر آدم بہترین انبیا — شافع امت حبیب کبریا
ہادی دین رحمۃ للعالمین — ساقی کوثر شفیع المذنبین
سرور عالم محمد مصطفےٰ — صل یا رب علیہ دائما
اونکے صدقے مین خداوندا مجھے — چھوڑ دنیا پرسش اعمال سے
ساتھ اونکا مجھکو دنیا اے وحید — تجھ پہ رکھتا ہے بھروسہ یہ حمید
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا۔ اَنْتَ السَّلَامْ — اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْ لَنَا دَارَ السَّلَامْ
تو نہین وعدہ خلاف اے ذوالجلال — تیرے وعدے حق ہین اور حق تیرا قال

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَرْجِعُ السَّلَامُ
حَيِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ وَاَدْخِلْنَا دَارَ السَّلَامِ ؛ يَا ذَا الْجَلَالِ
وَالْاِكْرَامِ ؛ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ ؛ مِنَ الشَّيْطَانِ
الرَّجِيْمِ ؛ وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ رُسُلَهٗ
اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ؛ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ
بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ ؛ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ
الْحَكِيْمِ ؛ اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ قَدِيْمٌ بَرٌّ رَؤُفٌ

رحیم و رب حلیم

ماہ ربیع الآخر کی پانچویں جمعہ کا خطبہ

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله رافع السماء بغير عماد ؞ باسط الأرض
للعباد ؞ أحمده حمدا كثيرا على أن زين السموات
بمصابيح وجعلها رجوما للشياطين وذريعة
لاهتداء العباد ؞ وأشكره على أن جعل ما على
الأرض زينة لها وسكنها بالجبال الأوتاد ؞ أشهد
أن لا إله إلا هو وحده لا شريك له وهو الكريم
الجواد ؞ وأشهد أن سيدنا ومولانا محمدا عبده
ورسوله سيد كل حاضر وباد ؞ أما بعد أيها الناس
تفكروا في تقلب الدهور وتصرف العصور أين
الآباء والأبناء والأحفاد ؞ أين الأحباب والأقران
والأجداد ؞ أين فرعون وهامان أين قارون ونمرود وشداد ؞
أين الذين جابوا الصخر بالواد ؞ أين الذين عذبوا عباد الله
بالأوتاد ؞ أين الذين طغوا في البلاد ؞ فأكثروا
فيها الفساد ؞ أفناهم كر الليالي والأيام وأهلكهم
دور السبع الشداد ؞ هل تجدون منهم سوى قصصهم
وأخبارهم هل بقي شيء من آثارهم والأجساد ؞ فتنبهوا

مِنْ سِنَةِ الْغَفْلَةِ وَاخْشَوْا يَوْمَ تَقُومُ قِيَامَتُكُمُ الصُّغْرٰى
وَالْكُبْرٰى وَيُحَاسَبُ فِيهِ جَمِيعُ الْعِبَادِ ؞ وَلَا تَغْتَرُّوا بِبَقَاءِ
الدُّنْيَا وَزِينَتِهَا كَمَا اغْتَرَّ بِهَا مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَهَلَكُوا وَأَهْلَكُوا
وَاسْتَحَقُّوا الْبِعَادَ ؞ أَتَظُنُّونَ أَنَّكُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ؞
أَمَا قَرَعَ سَمْعَكُمْ مَا قَالَ رَبُّكُمْ لِنَبِيِّكُمْ إِنَّكَ مَيِّتٌ
وَإِنَّهُمْ مَيِّتُونَ ؞ أَمَا عَلِمْتُمْ إِنَّ رَبَّكُمْ لَبِالْمِرْصَادِ
فَعَلَيْكُمْ بِامْتِثَالِ أَوَامِرِ اللّٰهِ وَالْانْزِجَارِ عَمَّا نَهَى
اللّٰهُ عَنْهُ وَبِالْتِزَامِ كَثْرَةِ الْأَذْكَارِ وَالْأَوْرَادِ
فَمَنْ دَامَتْ لِسَانُهُ رَطْبَةً بِذِكْرِ اللّٰهِ فَازَ بِالدَّرَجَاتِ
الْعَلِيَّةِ يَوْمَ التَّنَادِ ؞ وَادْعُوا اللّٰهَ فِي كُلِّ بُكْرَةٍ وَعَشِيَّةٍ
فَإِنَّهُ مُخُّ الْعِبَادَةِ ؞ وَاسْتَغْفِرُوهُ فِي كُلِّ لَمْحَةٍ ؞ فَإِنَّ
مَوْلَاكُمْ كَرِيمٌ لَطِيفٌ عَفُوٌّ جَوَادٌ ؞ وَاغْتَنِمُوا صِحَّتَكُمْ
قَبْلَ سُقْمِكُمْ وَشَبَابَكُمْ قَبْلَ هَرَمِكُمْ وَغِنَاءَكُمْ قَبْلَ فَقْرِكُمْ وَعَافِيَتَكُمْ قَبْلَ
ابْتِلَائِكُمْ وَحَيَاتَكُمْ قَبْلَ مَوْتِكُمْ لِئَلَّا تَقُولُوا لَيْتَنَا نَرْجِعُ إِلَى الدُّنْيَا فَنَعْمَلَ فِيهَا
أَحْسَنَ مِمَّا عَمِلْنَا فَيُقَالُ لَكُمُ الْآنَ وَقَدْ عَصَيْتُمْ
قَبْلُ وَكُنْتُمْ مِنْ أَرْبَابِ الْفَسَادِ ؞ وَاجْتَهِدُوا فِي ابْتِغَاءِ
مَرْضَاتِ اللّٰهِ حَقَّ الْاجْتِهَادِ ؞ فَإِنَّ الْمُسْلِمَ مَنْ سَلِمَ
الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ وَالْمُهَاجِرَ مَنْ هَاجَرَ مَا نَهَى
اللّٰهُ عَنْهُ وَالْمُجَاهِدَ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهُ حَقَّ الْجِهَادِ

وَتَجَنَّبُوا التَّدَابُرَ وَالتَّنَافُرَ وَالتَّنَافُسَ وَالتَّبَاغُضَ
وَحُبَّ الْجَاهِ وَالْمَالِ وَانْقِيَادَ أَرْبَابِ الضَّلَالِ وَالْجَدَلَ
وَالْحَذَلَ وَالْخَطَلَ وَالزَّلَلَ وَالْعِنَادَ ۞ وَعَلَيْكُمْ بِتَصْفِيَةِ
النَّفْسِ الْأَمَّارَةِ مِنَ الشَّوَائِبِ الرَّدِيَّةِ وَإِزَالَةِ الْأَوْصَافِ
الذَّمِيمَةِ وَاخْتِيَارِ الْاِقْتِصَادِ ۞ فَطُوبٰى لِمَنْ تَوَجَّهَ
بِقَلْبِهِ إِلٰى رَبِّهِ وَانْقَادَ صَدْرُهُ لِشَرْعِهِ وَتَرَكَ
مَا نَهَى اللّٰهُ عَنْهُ الْعِبَادَ ۞ هٰذَا تَذْكِرَةٌ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ
يَتَذَكَّرَ ۞ وَتَبْصِرَةٌ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يَتَبَصَّرَ ۞ وَهِدَايَةٌ لِمَنْ
سَلَكَ سَبِيلَ الرَّشَادِ ۞

شکر اللہ کا ہے اے ذو فنون — آسمان جس نے اوٹھایا بے ستون
اور زمین کا فرش یہ جس نے کیا — آسمانون پر چراغان کر دیا
ایک ہے اللہ جواد و کریم — ہے وہی معبود خلاق حکیم
ہیں محمد اوسکے بندے اور رسول — سید کل۔ ہادی اہل عقول
ہو درود انپر خدا کا اور سلام — آل و ازواج صحابہ پر تمام
بعد ازین اے بندۂ صاحب نظر — انقلاب دہر پر کچھ غور کر
باپ اور دادا تمھارے ہین کہان — یا کہ بیٹے پوتے اور پیر و جوان
جتنے تھے گردنکشان سابقین — کچھ اونکا کچھ پتا بھی ہے کہین
ہین کہان فرعون ہامان کہ جنے — وہ جنھون نے ظلم بنا و نہر کیے
اور کہان وہ سرکشان نامراد — جو کہ شہرون شہرون کرتے تھے فسا[د]

سب فنا ہو کر گئے زیر زمین　　پھر نہ کچھ گردن کشی اونکی چلی
کچھ نہین اب اونکے آثار و نشان　　صرف قصے رہگئے ہین بر زبان
چھوڑ دو بس غفلت کو تم اے غافلو　　اور خدا کے نیک بندون سے ملو
خوف رکھو دلمین اوس دن کا جناب　　جب بلائیجاؤ تم بہر حساب
تم نہ دہوکا کھاؤ دنیا پر کبھی　　جیسے دہوکے مین ہین وہ سب غبی
تم نہین دنیا مین رہنیکے سدا　　کیا نہین یہ قول حق تمنے سنا
ہر کہ دنیا مین ہین وہ میت ہین سب　　دیکھتا ہے بس تمہین وہ پاک رب
پس خدا کے حکم تم لاؤ بجا　　اور بچو تم منع جس سے ہے کیا
تم پڑھو اوراد اور اذکار نیک　　تر رکھو اپنی زبانین تم ہر ایک
ہو زبان تر جسکی ذکر اللہ مین　　بس وہی زندہ ہے خلق اللہ مین
ذکر حق سے خشک ہو جسکی زبان　　وہ ہی مردہ ۔ وہ ہی مردہ بیگمان
ہان دعا و ذکر تم اکثر کرو　　اور استغفار بھی ہر دم پڑھو
قدر صحت اور جوانی کی کرو　　وقت و دولت رائگان جانے نہ دو
فقر سے پہلے غنیمت ہے غنا　　عافیت نعمت ہے بس قبل از بلا
موت سے پہلے غنیمت ہے حیات　　تاکہ پچتاؤ نہ تم بعد از وفات
پس کرو کوشش خدارا مومنو　　اور مسلمانون کی ایذا سے بچو
نفس پر اپنے کرو تم سب جہاد　　اور نہ آپس مین رکھو بغض و عناد
حب ملک و مال حب عز و جاہ　　جز خطاؤنکی یہی ہے ۔ آہ آہ
تصفیہ نفسون کا اپنے تم کرو　　چھوڑ دو بد راہی کو چال اچھی چلو

ہے مبارک وہ کہ دل ہو جسکا صاف / ہو توجہ جسکی حق پر بے خلاف

اوسکے سینہ مین نہو کینہ ذرا / ہو شریعت او محبت سے بھرا

واسطے سامع کے ہے یہ تذکرہ / اور بینا کے لیئے ہے تبصرہ

اور ہدایت ہے یہ مہدی کے لیئے / وعظ ہے یہ خاص و عامی کے لیئے

مین یہ کہتا اور کرتا ہون دعا / مجھکو تمکو سبکو بخشے وہ خدا

ہین سپرد اللہ کے سب اپنے کام / ہے وہی دانا و بینا لا کلام

اور رسول اوسکے محمد ہین نذیر / ہادی ہر قوم ہین وہ بے نظیر

ہو درودین اونپہ لاکھون اور سلام / رحمت و برکات و نعمتہا تمام

أَقُولُ قَوْلِي هَذَا وَأَسْتَغْفِرُ اللهَ لِي وَلَكُمْ وَلِسَائِرِ الْمُسْلِمِينَ وَأُفَوِّضُ أَمْرِي إِلَى اللهِ إِنَّ اللهَ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ ❊ أَعُوذُ بِاللهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ ❊ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ❊ وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِنْ رَبِّهِ إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ❊ بَارَكَ اللهُ لَنَا وَلَكُمْ بِالْقُرْآنِ الْعَظِيمِ ❊ وَنَفَعَنَا وَإِيَّاكُمْ بِالْآيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيمِ ❊ إِنَّهُ تَعَالَى جَوَادٌ كَرِيمٌ مَلِكٌ قَدِيمٌ بَرٌّ رَؤُفٌ رَحِيمٌ وَرَبٌّ حَلِيمٌ

ماہ رجب کے اخیر جمعہ کا خطبہ

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي بَسَطَ بِسَاطَ الْفَضْلِ فَخَلَقَ الْأَفْهَامَ

وَخَلَقَ مَا فِيْهِ مَنَافِعُ وَمَصَالِحُ لِعِبَادِهٖ مِنَ الْاَحْجَارِ
وَالْاَشْجَارِ ۞ هُوَ الَّذِيْ دَارَ بِحُكْمِهِ الدَّوَّارُ ۞ وَالطَّيْرُ
بِصَنْعَتِهٖ طَارَ ۞ فَنَحْمَدُهٗ عَلٰى هٰذِهِ النِّعَمِ الْجَلِيْلَةِ
السَّابِلَةِ عَلَيْنَا فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۞ وَنَشْهَدُ اَنَّهٗ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ شَهَادَةً تُدْخِلُ
فِيْ دَارِ الْقَرَارِ ۞ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ
وَرَسُوْلُهُ النَّبِيُّ الْمُخْتَارُ ۞ اَمَّا بَعْدُ اِخْوَانِيْ
وَخِلَّانِيْ وَاحَسْرَتَاهْ عَلٰى مَا اكْتَسَبْنَا وَعَلٰى مَا تَسَاهَلْنَا
وَلَمْ نَخْشَ عَذَابَ الْمَلِكِ الْقَهَّارِ ۞ مَضَتِ الْاَيَّامُ
الْخَالِيَةُ ۞ وَاللَّيَالِي الْمَاضِيَةُ ۞ بِذُنُوْبِنَا تَكَاسَلْنَا
عَنِ الطَّاعَاتِ ۞ وَهَجَمْنَا عَلَى الْمُخَالَفَاتِ ۞ فَلَوْلَا
عِبَادٌ رُكَّعٌ وَصِبْيَانٌ رُضَّعٌ وَبَهَائِمُ رُتَّعٌ لَغَضِبَ
عَلَيْنَا رَبُّنَا الْمَلِكُ الْجَبَّارُ ۞ وَلَوْلَا حُرْمَةُ سَيِّدِ
مُضَرَ وَنِزَارٍ ۞ لَمَا خَرَجْنَا مِنْ حُفْرَةِ النَّارِ ۞ هٰذَا
شَهْرٌ مُّبَارَكٌ ۞ اِسْمُهٗ مُبَارَكٌ وَلَقَبُهٗ مُبَارَكٌ ۞
تَتَفَاضُ فِيْهِ عَلَيْنَا الْاَنْوَارُ ۞ فَاِنَّ شَهْرَ رَمَضَانَ
شَهْرُ اللّٰهِ فَفَضْلُهٗ عَلٰى سَائِرِ الشُّهُوْرِ كَفَضْلِهٖ عَلٰى مَا
سِوَاهُ وَشَهْرُ شَعْبَانَ شَهْرُ نَبِيِّهٖ فَفَضْلُهٗ عَلٰى سَائِرِ
الشُّهُوْرِ كَفَضْلِهٖ عَلٰى غَيْرِهٖ ۞ وَشَهْرُ رَجَبٍ شَهْرُ

هٰذِهِ الْأُمَّةِ فَتَفْضُلُ عَلٰى بَاقِي الشُّهُوْرِ كَفَضْلِ
هٰذِهِ الْأُمَّةِ عَلٰى أُمَمِ الْأَنْبِيَاءِ الْكِبَارِ ، يَا أَيُّهَا
الْغَرِيْبُ الْمِسْكِيْنُ ، اَلْكَئِيْبُ الْحَزِيْنُ ، تُبْ إِلَى اللّٰهِ
مِمَّا فَعَلْتَ وَتَحَسَّرْ عَلٰى مَا فَاتَكَ وَاجْتَهِدْ فِي الْعِبَادَةِ
وَفَرَّطْتَ فِي الضَّلَالَةِ ، لَعَلَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَرْحَمُكَ
وَيَتَجَاوَزُ عَمَّا فَعَلْتَ إِنَّهُ تَعَالٰى حَلِيْمٌ غَفَّارٌ ، وَعَلَيْكَ
بِالضَّرْبِ بِالسَّيْفِ ، وَإِطْعَامِ الضَّيْفِ ، وَالصَّوْمِ
فِي الصَّيْفِ ، وَتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ آنَاءَ اللَّيْلِ وَأَطْرَافَ
النَّهَارِ ، أَمَا تَعْلَمُ أَنَّ الدُّنْيَا دَارُ فَنَاءٍ لَيْسَ
لَهَا بَقَاءٌ لَيْسَتْ بِدَارِ الْقَرَارِ ، كُنْ فِي الدُّنْيَا كَأَنَّكَ
غَرِيْبٌ أَوْ كَعَابِرِ سَبِيْلٍ فَإِنَّهَا سَكَّارَةٌ غَدَّارَةٌ لَيْسَ
لَهَا الْإِعْتِبَارُ ، أَيْنَ مَنْ كَانَ مَعَكَ فِي السَّنَةِ الْمَاضِيَةِ
أَيْنَ مَنْ كَانَ مَلَكَ الْأَرَضِيْنَ فِي الْأَدْوَارِ الْخَالِيَةِ
أَفْنَاهُمْ مُرُوْرُ الزَّمَانِ وَدَوْرُ الدَّوَّارِ ، فَلَمَّا جَاءَ
أَجَلُهُمْ لَمْ يَسْتَأْخِرُوْهُ سَاعَةً وَلَمْ يَسْتَقْدِمُوْا
جُزْءًا بَيْنَ الْأَعْصَارِ ، فَقَصِّرِ الْأَمَلَ ، وَاسْتَعِدَّ لِلْأَجَلِ
وَأَصْلِحِ الْعَمَلَ الْأَقْبَحَ ، وَاتَّبِعِ النَّبِيَّ الْأَكْمَلَ ، وَاعْمَلْ
بِمَا فِي الْقَوْلِ الْفَيْصَلِ ، وَاطْلُبِ الْوِقَايَةَ مِنْ عَذَابِ
النَّارِ ، فَقَدْ قَرُبَ يَوْمُ الْحَشْرِ ، يَوْمَ تَرْتَفِعُ فِيْهِ

الاصوات بالویل والثبور ۝ یوم ینشر فیه دیوان
المعاصی ۝ ویجهل فیه العاصی ۝ یوم یفر فیه المرء
من اخیه وامه وابیه ۝ وصاحبته وبنیه ۝ لکل
امرئ منهم یومئذ شان یغنیه ۝ یوم لا انساب بینهم فیه
ولا یتساءلون ۝ فمن ثقلت موازینه فاولئك
هم المفلحون ۝ ومن خفت موازینه فاولئك الذین
خسروا فی جهنم خالدون ۝ یوم تظهر فیه القبائح
کظهور الشمس علی رابعة النهار ۝

حمد ہے اللہ کو اے مومنین	فضل سے جسنے کیا فرش زمین
اوسمین اوسنے اپنے بندونکے لئے	نہرین جاری کی ہین اپنے فضل سے
اوسنے پیدا کی ہین چیزین اور بھی	یہ جمادات اور نباتات اے فلکی
آسمان پھرتا ہے اوسکے حکم سے	جانور اوڑتا ہے اوسکے واسطے
حمد ہم کرتے ہین پس اوسکی مدام	ایسی اچھی صنعتون پر لاکلام
اور شہادت دیتے ہین ہم بالیقین	ایک ہے اللہ رب العالمین
دوسرا کوئی نہین اوسکا شریک	یہ شہادت باعث بخشش ہی نیک
پھر شہادت دیتے ہین ہم اور بھی	ہین محمد اوسکے بندے اور نبی
بعد ازین اے بھائیو اے دوستو	تم ہمارے حال پر حسرت کرو
ہمنے غفلت اور سستی کی سدا	کچھ نہ ہائے ڈر کیا قہار کا
کتنی راتین اور دن خالی گئے	جنمین ہمنے کچھ نہ کام اچھے کئے

بلکہ کام اکثر کئے حق کے خلاف　حق تعالیٰ اونکو فرمائے معاف
بس نہوتے . فرض کردم آپسپر　بندگانِ عابد و زاہد اگر
اور نہوتے اونمین نچے شیر خوار　اور نہوتے بیزبان گر روح دار
تو غضب کرتا خدا ہمپر ضرور　ہم ہین بیشک بندگانِ پر قصور
اور نہوتی حرمتِ حضرت اگر　تو نکلتے ہم نہ دوزخ سے مگر
آگیا اب تم پہ یہ ماہِ رجب　ہے مبارک نام اوسکا اور لقب
ماہ رمضان ماہ ہے اللہ کا　ماہ شعبان ہے رسول اللہ کا
اور رجب کا یہ مہینہ لا کلام　ہے یہ ماہِ امتِ خیر الانام
پس ہوا اِن تینون مہینونکا شرف　اسطرح باقی کی اوپر اے خلف
جیسے اِن کے مالکونکا غیر پر　بس کرو انمین عبادت بیشتر
اَیُّہَا المسکین حزین و مبتلا　اب تو باز آ اوس سے جو ابتک کیا
کچھ تو اب نادم ہو تو مافات پر　کچھ تو کوشش اب ذرا طاعت مین کر
تا کہ تجھپر رحم فرمائے رحیم　بخشدے تیری خطائین وہ کریم
اور لڑائی ہو اگر کفار سے　تو بچا اسلام کو تلوار سے
معترض ہون دین پر یا دشمنان　اونکو شمشیرِ قلم سے مار ہان
کھانا مہمان کو تو اچھا کھلا　گرمیون کے روزے رکھ بہرِ خدا
کر ادا تو فرض اور واجب سبھی　کر تلاوت رات دن قرآن کی
کیا نہین اس بات کو تو جانتا　دارِ دنیا ہے فنا اور بے بقا
اسطرح پر آئین رہ تو اے غریب　ہو مسافر جیسے منزل کے قریب

انقلاب دہر پہ تو غور کر ‏ — ‏ گردش دوران سے اوپر کر نظر
دیکھ تو تو اب کہاں ہیں وہ شفیق ‏ — ‏ جو گذشتہ سال تھے تیرے رفیق
وہ کہاں ہیں جو کہ تھے صاحبقران ‏ — ‏ وہ کہاں ہیں جو کہ تھے شاہ جہان
موت کی جس وقت ساعت آگئی ‏ — ‏ پھر نہ اونکو دیر دم بھر کی لگی
پس نکر تو اے ذکی طول امل ‏ — ‏ مستعد اور منتظر ہو للاجل
اور اطاعت کر خدائے پاک کی ‏ — ‏ پیروی کر حضرت لولاک کی
اور عمل کر قول فیصل فقہ پر ‏ — ‏ اور عذاب آتش دوزخ سے ڈر
کیونکہ اب ان سے قیامت کا قریب ‏ — ‏ جس میں واویلا بہت ہو اور نحیب
اوسمیں کھولا جائیگا دیوان حساب ‏ — ‏ اوسمیں محشر شدہ ہو عاصی اپنا تب
بھاگیگے اوسدن بھائی اپنے بھائی سے ‏ — ‏ اور ماں سے باپ سے اور بی بی سے
بھاگے وہ اولاد سے بھی اے اخی ‏ — ‏ کچھ عجب حالت ہو واں ہر ایک کی
کچھ نہ پوچھا جائیگا اوسدن نسب ‏ — ‏ ہو سوال اعمال نیک و بد سے جب
پس عمل ہوں نیک جنکو وزن دار ‏ — ‏ اونکو ہو اوسدن فلاح بیشمار
جنکے ہوں اعمال ہلکے اور خراب ‏ — ‏ وہ پڑیں گھاٹے میں اور دیکھیں عذاب
ہوں برائی جملہ اوسدن آشکار ‏ — ‏ مثل تجری الشمس فی ریح الہبا
اب دعا اللہ سے کرتا ہوں میں ‏ — ‏ یا الٰہی بخشدے ہم اب ہمیں
کر خطاؤں سے ہماری درگزر ‏ — ‏ تو ہے غفار و حلیم و دادگر
آسمانوں اور زمیں کا تو ہی رب ‏ — ‏ تو ہے غالب اور ہیں مغلوب سب

اَللّٰهُمَّ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَامْحُهَا وَعَنْ سَيِّئَاتِنَا إِنَّكَ أَنْتَ الْحَلِيمُ الْغَفَّارُ ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

الرَّبِّ الْحَكِيْمِ ؛ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ
قُلْ اِنَّمَا اَنَا مُنْذِرٌ وَّمَا مِنْ اِلٰـهٍ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ
الْقَهَّارُ ٭ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ
الْغَفَّارُ ؛ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ
وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ؛ اِنَّهٗ
تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ قَدِيْمٌ بَرٌّ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ وَّرَبٌّ حَلِيْمٌ

ماہِ رجب کی دوسری جمعہ کا خطبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ ؛ اَلْوَاهِبِ الْوَالِي الصَّمَدِ
نَحْمَدُهٗ عَلٰى اَنْ خَلَقَ الْخَلْقَ وَدَبَّرَهٗ مِنْ غَيْرِ مُعِيْنٍ
وَّمَدَدٍ ؛ وَنَشْكُرُهٗ عَلٰى اَنْ جَعَلَنَا مِنْ اَشْرَفِ مَخْلُوْقَاتِهٖ
وَاَفَاضَ عَلَيْنَا نِعَمًا لَا تُحْصٰى وَلَا تُعَدُّ ؛ اَشْهَدُ اَنْ لَّا
اِلٰـهَ اِلَّا هُوَ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ؛ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا
اَحَدٌ ؛ وَاَشْهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ
وَرَسُوْلُهُ الْمَبْعُوْثُ اِلٰى كَآفَّةِ الْخَلْقِ مِنَ الْاَحْمَرِ وَالْاَبْيَضِ
وَالْاَسْوَدِ ؛ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اِلَى
الْاَبَدِ ؛ اَمَّا بَعْدُ مَعَاشِرَ الْاِخْوَانِ وَالْخُلَّانِ اُشْكُرُوا اللّٰهَ
عَلٰى نَعْمَآئِهٖ ؛ وَاحْمَدُوْهُ عَلٰى اٰلَآئِهٖ ؛ حَيْثُ جَعَلَ لَكُمْ
اَيَّامًا مُّتَشَرِّفَةً وَّاَزْمَانًا مُّتَبَرِّكَةً لِتَفُوْزُوْا بِالرُّشْدِ

وَقَسَّمَ الزَّمَانَ عَلَى اثْنَيْ عَشَرَ شَهْرًا مِنْهَا أَرْبَعَةٌ حُرُمٌ
اَلثَّلَاثَةُ الْمُتَوَالِيَةُ ذُو الْقَعْدَةِ وَذُو الْحِجَّةِ وَالْمُحَرَّمُ
وَرَجَبُ الْفَرْدُ ؛ وَوَعَدَ لِمَنْ عَمِلَ فِيهَا بِالصَّالِحَاتِ بِالْأَجْرِ
الْجَزِيلِ وَحُسْنِ الْمَدَدِ ؛ فَعَلَيْكُمْ أَنْ لَا تُضَيِّعُوا هٰذِهِ
الْأَشْهُرَ الْمُحْتَرَمَةَ وَلَا تَظْلِمُوا فِيهِنَّ أَنْفُسَكُمْ بِارْتِكَابِ
الْأَفْعَالِ الْخَبِيثَةِ فَمَنْ حَفِظَ نَفْسَهُ فِيهَا فَهُوَ الْمُهْتَدِ ؛ وَ
تَذَكَّرُوا يَوْمَ قِيَامِ الْقِيَامَةِ الصُّغْرٰى وَانْقِضَاءِ الْآجَالِ
وَالْمُدَدِ ؛ وَمَا يَمْضِي عَلَيْكُمْ مِنَ الْأَهْوَالِ وَالشَّدَائِدِ
فِي الْمَدْفَنِ وَالْمَرْقَدِ ؛ وَوَرَاءَ ذٰلِكَ يَوْمُ الْعَرْضِ الْأَكْبَرِ
يَوْمٌ لَا يَنْفَعُ فِيهِ مَالٌ وَلَا وَالِدٌ وَلَا وَلَدٌ ؛ يَفِرُّ فِيهِ
الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ
وَالْأَمْرُ يَوْمَئِذٍ أَشَدُّ ؛ يَوْمَ تَرٰى فِيهِ كُلَّ نَبِيٍّ مُرْسَلٍ
وَمَلَكٍ مُقَرَّبٍ يَقُولُ نَفْسِي نَفْسِي سِوٰى خَاتَمِ الْأَنْبِيَاءِ
شَفِيعِنَا صَاحِبِ الْمَقَامِ الْأَمْجَدِ ؛ أَيُّهَا الْغَافِلُونَ تَنَبَّهُوا
مِنْ نَوْمِ الْغَفْلَةِ وَلَا تَسْلُكُوا سُبُلَ مَنْ تَمَرَّدَ وَتَشَرَّدَ ؛
فَمَنْ تَمَرَّدَ عَنْ إِطَاعَةِ رَبِّهِ هَلَكَ وَأَهْلَكَ وَضَلَّ وَأَضَلَّ
وَفَسَدَ وَأَفْسَدَ ؛ وَطَهِّرُوا نُفُوسَكُمْ مِنَ الْخِصَالِ الْمُهْلِكَةِ
وَالْأَفْعَالِ الْمُقْبِحَةِ مِنَ الْكِبْرِ وَالْبُغْضِ وَالْعُجْبِ وَالْفَخْرِ
وَالشُّحِّ وَالْحَسَدِ ؛ فَمَنْ طَهَّرَ قَلْبَهُ مِنَ الْأَمْرَاضِ النَّفْسَانِيَّةِ

حلت عليه نسيم الانوار الربانية ؛ و بلغ اعلى
ما يطلب و ما يقصد ؛ و قد ورد في الخبر بالسند
المسند ؛ عن النبي صلى الله عليه وعلى اله وصحبه
الى الابد ؛ ان القلب مضغة اذا صلحت صلحت
الاعضاء كلها و تفسد اذا فسد ؛ ولا تزكوا انفسكم
ان ربكم اعلم بمن اتقى و من هو متهتك و متهجد
ولا تغتروا بسعة رحمة الله وحلمه فمن اغتر و
جرأ على الذنوب سلك في القعر الابعد ؛ و لا
تظنوا انكم خلقتم سدى او جعلتم عبثا او انكم
لا تموتون و ان لكم البقاء و الدوام الى الابد
كلا و الله ما من نفس منفوسة الا و قد قدر لها
اجلها فاذا جاء اجلها لا تستقدم ساعة ولا تستاخر
لمحة فان ملك الموت بالرصد ؛ ما يمضي يوم الا و
هو يتصفح الوجوه فمن جاء اجله قبض روحه
و فرق و بدد ؛ فطوبى لمن تزود لاخرته من دنياه
و قصد خيرية عقباه ؛ و ظن نفسه ممن لا يمسي
اذا اصبح و ممن لا يصبح اذا اظلم عليه الليل الاسود ؛
و ندم على ما اقترف في عمره الماضي من السيئات
ما اخطاء منها و ما تعمد ؛

ایک ہے اللہ واحد اور احد حمد زیبا ہے اوسیکو تا ابد
بے مدد سب خلق پیدا اوسنے کی آپ ہی کی غور اور پرداخت بھی
شکر اوسکے فضل اور احسان کا ہے کہ ہمکو خلق مین اشرف کیا
یا اخی قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدْ لَمْ یَلِدْ۔ لَمْ یُوْلَدْ اَللّٰہُ الصَّمَدْ
کوئی اُسکا کُفُو نہین ہمسر نہین ہے نرالی ذات اُسکی بالیقین
اور محمد اسکے ہین پیغامبر جو کہ ہین مبعوث ساری خلق پر
ہو درود اُن پر الیٰ یوم النشور آل اور اصحاب پہ بھی ہو ضرور
اے عزیزان اے محبان صفا شکر تم اللہ کا لاؤ بجا
اوسنے یہ دن تمکو کیا اچھے دئیے برکتون سے ہے رجب پر جسکے
جو کوئی اسمین عمل اچھے کرے اجر اُسکو بالیقین زیادہ ملے
پس نہ تم ضایع کرو اس ماہ کو ارتکاب جرم سے اے دوستو
یاد رکھو تم قیامت کو ضرور بعد مردن پیش آئین جو امور
جب نہ دے کچھ فائدہ بیٹے کو باپ اور نہ بیٹا باپ ماں کو اپنا آپ
اور نہ کچھ بھائی کو بھائی کام دے اور نہ کوئی یار غار آرام دے
جسقدر ہون انبیائے مرسلین اور ملائک جتنے ہون اور کاملین
نفسی نفسی کہتے ہون اوس روز سب اسقدر ہول قیامت ہو غضب
ہان مگر وہ شافع امت تمام بالیقین محمود ہے جن کا مقام
کہتے ہون گے امتی و امتی اونپہ رحمت اور درود اللہ کی
ہان ذرا ہوشیار ہو اے غافلو ابتو بد راہونکی رہ تم مت چلو

جو کوئی کج راہ کا ہو راہ گیر | وہ تو ہو قعر ضلالت مین اسیر
تم رکھو نفسونکو اپنے پاک اب | کبر و بخل و فخر اور عیبون سے سب
جسقدر بھی ہین خصائل مہلکات | چھوڑ دو گین گین کہ تم ایک ایک بات
دل کو تم روشن کرو مثل چراغ | خانۂ تن جس سے ہو بس باغ باغ
دل کو تو نفسانیت سے پاک کر | تا کہ ہون انوار غیبی جلوہ گر
دیکھ وارد ہے خبر مین ایعزیز | دل کا ٹکڑہ ہے بدن مین ایسی چیز
وہ جو صالح ہو تو سب اعضا ہون چست | اور وہ فاسد ہو تو سب ہون نادرست
مولوی نے سچ کہا ہے اے مضمل | نیست بیماری چو بیماری دل
اور نہ تم اتراؤ نفسون پر ذرا | ہے خدا آگہ کہ اچھا کونسا
اور نہ چھوڑو اوسکی رحمت پر عمل | اوسکی رحمت حق ہے لیکن کر عمل
تم نہین پیدا ہوئے بیکار ہان | تم نہین زندہ رہوگے جاودان
جو کوئی دنیا مین ہے پیدا ہوا | ذائقہ چکھے وہ بیشک موت کا
موت کا آتا ہے جب وقت اوسپر | پر نہین ٹلتا ہے وہ اک لحظہ بہر
پس مبارک ہے وہ بندہ دائما | آخرت کا جسنے توشہ دھر لیا
اور جو نادم ہوا مافات پر | بالخطا و بالعمد ہر بات پر
تو ہے حنان اور رحمان اے خدا | تو ہے واحد اور احد یکتا سدا
بخش ہمکو سب خطائین کر معاف | اور دلونکو کر ہمارے پاک صاف
میل سے جسطرح کپڑا پاک ہو | آب رحمت سے ہمارے دل کو دھو
تو نے انسان کو کیا محنت زدہ | اوسپہ بیشک تو ہے قابو یافتہ

اَللّٰهُمَّ يَا حَنَّانُ يَا رَحْمٰنُ يَا وَاحِدُ يَا اَحَدُ ؛ اِغْفِرْ لَنَا جَمِيْعَ خَطَايَانَا وَاعْفُ عَنَّا وَطَهِّرْ قُلُوْبَنَا وَاَجْسَادَنَا مِنَ الذُّنُوْبِ بِرَحْمَتِكَ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ ؛ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الرَّبِّ الرَّحِيْمِ ؛ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؛ لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ ؛ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ؛ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ؛ اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ اَحَدٌ ؛ بَارَكَ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ وَنَفَعَنَا وَاِيَّاكُمْ بِالْاٰيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ؛ اِنَّهٗ تَعَالٰى جَوَادٌ كَرِيْمٌ مَلِكٌ قَدِيْمٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِيْمٌ وَّرَبٌّ عَلِيْمٌ

ماہ رجب کی تیسری جمعہ کا خطبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّبْعَ الشِّدَادَ وَجَعَلَهَا سُقُوْفًا مَّحْفُوْظَةً ؛ وَزَيَّنَهَا بِالشَّمْسِ وَالْقَمَرِ وَالنُّجُوْمِ وَالْبُرُوْجِ الْمَشْهُوْرَةِ ؛ فَسُبْحَانَهٗ مِنْ اِلٰهٍ عَجَزَتِ الْاَلْسِنَةُ عَنْ مَدْحِهٖ وَثَنَائِهٖ وَتَحَيَّرَتِ الْمَدَارِكُ فِيْ اِدْرَاكِ حَقَائِقِ الْاُمُوْرِ الْمَقْدُوْرَةِ ؛ خَلَقَ سَبْعَ اَرَضِيْنَ وَجَعَلَهَا فُرُشًا مَّبْسُوْطَةً ؛ وَقَوَّاهَا بِالْجِبَالِ الرَّاسِيَاتِ الْمَضْبُوْطَةِ اَحْمَدُهٗ حَمْدًا كَثِيْرًا وَاَشْكُرُهٗ شُكْرًا جَمِيْلًا عَلٰى مِنَنِهٖ وَنَعْمَائِهٖ

المبثوثه ، واشهد ان لا اله الا هو وحده لا
شريك له كل الاشياء تحت قدرته مقهوره ،
واشهد ان سيدنا محمدا عبده ورسوله صاحب
الآيات والمعجزات المرصوصه ، صلى الله عليه وعلى
آله وصحبه صلوة دائمة كاملة موفوره ، اما
بعد فيا ايها الناس اتقوا الله حق تقاته فان التقوى
هي الشافعة المشفوعه ، واحذروا من بطش الله
فان بطشه لشديدة موعوده ، واتقوا النار ولو
بشق تمرة موهوبه ، واعلموا ان الله ما خلق النفوس
والارواح الا ليعبده فتكون شاكرة مشكوره ، ووهب
لها من البقاء اياما معدوده ، وهداها النجدين
وعلمها السبيلين فاما ناجية واما مطروده ، الا تعتبرون
بسرعة انقلاب الليالي والايام المعهوده ، الا تنظرون
الى فناء المخلوقات المنشوره ، اانكم مخلدون في الدنيا
ام لكم امان من عذاب النار المعهوده ، ام تغترون
بسعة رحمة الله تعالى ولا تتفكرون في ما يأتيكم
في القبر ويوم الحشر من الاهوال المكروهه ، كيف بكم
اذا اجتمع بكم ارض المحشر وجاءكم ربكم مع عرشه الاكبر
فيما يسئلكم على الاعمال المقبوحه ، وتوضع لكم موازين القسط

فَلَا تُظْلَمُونَ شَيْئًا وَتُعْرَضُ عَلَيْكُمْ كُتُبُ اَعْمَالِكُمْ وَلَا
تَنْقُصُونَ مِنْهَا شَيْئًا فَتَدْهَشُ كُلُّ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ
وَلَوْ جَاءَتْ بِاَعْمَالِ سَبْعِيْنَ نَبِيًّا لَظَنَّتْ اَنَّهَا هَالِكَةٌ
مُخَلَّدٌ وَّلَهٗ ؛ فَطُوْبٰى لِنَفْسٍ نَجَتْ مِنْ شَدَائِدِ ذٰلِكَ
الْيَوْمِ وَكُتِبَتْ مِنَ النُّفُوْسِ الْمَرْحُوْمَةِ وَالْمَغْفُوْرَةِ
تَنَبَّهُوْا اَيُّهَا الْغَافِلُوْنَ ؛ وَتَذَكَّرُوْا اَيُّهَا الْعَاقِلُوْنَ
وَتُوْبُوْا اِلَى اللّٰهِ بِالتَّوْبَةِ الْمَبْرُوْرَةِ ؛ وَحَاسِبُوْا
نُفُوْسَكُمْ قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوْا كَيْ لَا تَصِيْرَ مَمْقُوْتَةً
وَّمَبْغُوْضَةً ؛ وَعَلَيْكُمْ بِالسُّنَّةِ السَّنِيَّةِ وَاجْتِنَابِ
الْبِدْعَاتِ الْقَبِيْحَةِ الْمَذْمُوْمَةِ ؛ فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ
ضَلَالَةٌ وَّكُلَّ ضَلَالَةٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَسْئُوْلَةٌ
وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهٗ اَجْرُهَا وَاَجْرُ مَنْ عَمِلَ
بِهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً فَعَلَيْهِ
وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا اِلٰى يَوْمِ الْمَصَائِبِ الْمَاثُوْرَةِ
وَعَلَيْكُمْ بِالصَّدَقَاتِ الْجَارِيَةِ الَّتِيْ لَا يَنْفَدُ ثَوَابُهَا
وَلَا تَنْقَطِعُ مَنَافِعُهَا الْمَنْشُوْرَةُ ؛ فَاِنَّ الْاِنْسَانَ اِذَا مَاتَ
انْقَطَعَ عَمَلُهٗ اِلَّا الصَّدَقَاتِ الْمَذْكُوْرَةَ ؛ فَاِنَّهَا لَا تَزَالُ
مَقْبُوْلَةً وَّمَسْطُوْرَةً ؛ فَطُوْبٰى لِنَفْسٍ تَزَوَّدَتْ مِنْ
دُنْيَاهَا لِاٰخِرَتِهَا وَمِنْ حَيَاتِهَا لِمَوْتِهَا وَمِنْ صِحَّتِهَا

لِسقیہا ومن شبابہا الحسن مما و ادخلت الغرفات المزوقہ

حمد کے قابل ہے اوسکی پاک ذات — آسمان پیدا کئے ہین جسنے سات
اوسنے زینت بخشی اونکو لاکلام — چاند سورج تارون برجون سے تمام
کر دیا ہے سپہر اونکا سائبان — پاک ہے وہ اور بڑی ہے اوسکی شان
ہین زبانین عاجز اوسکی مدح مین — عقلین ہین حیران اوسکی شرح مین
ایسی ہی پیدا زمینین سات کین — کر دیا فرش اونکا بہر عالمین
حمد و شکر اوسکا کہانتک ہم کرین — بیحد و پایان ہین اوسکی نعمتین
ایک ہے اللہ واحد لاشریک — زیر قدرت اوسکی کل اشیا ہین ٹہیک
ہین محمد اسکے بندے اور رسول — صاحب آیات و معجزہاے طول
ہو درود کامل اونپر تا دوام — آل اور اصحاب پر بہی ہو تمام
بعد ازین یا ایہا الناس اتقوا — حق تقوے ہے لیک ادا کر یاد لو
اور بچو اسکی پکڑ سے تم مگر — ہے پکڑ اوسکی نہایت سخت تر
اور بچاؤ آگ سے تم آپ کو — گرچہ خرما نصف ہی لِلّٰہ دو
جانو حق نے کیا پیدا تمھین — تاکہ تم اور ہم عبادت سب کرین
شکر اوسکی نعمتون کا بہی کرین — اسکی نافرمانیون سے ہم بچین
کیا نہین تمکو خبر کچہ اے جناب — ہے زمانہ کا بسرعت انقلاب
رات اور دن کا ہے چکر کسقدر — اسمین ہوتے ہین فنا کتنے بشر
کیا تمہین دنیا مین رہنا ہے دوام — یہ نہین ہرگز تمہارا ظن ہے خام
کیون نہین ہے تمکو فکر اس بات کی — قبر مین اور حشر مین جو آئیگی

رکھی جائے حشر مین میزان جب ‏ تولے جائین نیک و بد اعمال سب
ہو نہ اوسمین کچھ کمی اور زیادتی ‏ نامہ اعمال مین ہو جو لکھی
نیکیان ہونگی سبے حد و شمار ‏ وہ بھی روتے ہونگے ڈر سے زار زار
ہوگا اوسدن وہ مبارک نفس ذات ‏ ہول محشر سے جو پا جائے نجات
اب تو تم ہشیار ہو اے غافلو ‏ یاد رکھو پند یہ سب اے عاقلو
تم کرو توبہ و استغفار اب ‏ لو حساب اب نیک و بد نفسون سے سب
اتباع سنت نبوی کرو ‏ بدعت مذموم سے بچتے رہو
کیونکہ ہر بدعت ضلالت ہی خراب ‏ ہو ضلالت پر قیامت مین عتاب
سنت نبوی کو جو رائج کرے ‏ عاملون کے ہو عمل کا اجر اوسے
جو کرے احیائے سنت ایجاب ‏ سو شہیدونکا ملے اوسکو ثواب
جو کرے بدعت بری جاری کوئی ‏ ہو گنہ اوسپر بھی عاملون کا سبھی
صدقہ ہائے جاریہ جاری کرو ‏ اجر اونکا منقطع ہوگا سہے نہو
وہ مبارک نفس ہے بین العباد ‏ ایسے صدقون سے لیا ہو جسنے زاد
جیتے جی مرنے کا سامان ہو کیا ‏ تندرستی مین مرض کی لے دوا
جنتون کی کھڑکیان اونپر کہلین ‏ ساتھ مین حوران عین کے وہ رہین
دے خدا توفیق تمکو اور ہمین ‏ تاکہ صدقے جاریہ ہم لے چلین
اور بخشے فضل سے اپنے الہ ‏ وہ ہمارے اور تمہارے سب گناہ
سب نصیحت ہین کلام اللہ مین ‏ جو بھو چاہین وہ نصیحت اوس سے لین

جعلنا اللہ وایاکم ممن تاب وانا ب وغفر اللہ لنا ولکم الاعمال المقبوحة ؛ ولله

لِلّٰہِ الرَّبِّ الرَّحِیْمِ ؕ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ ؕ كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ فِیْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ مَّرْفُوْعَةٍ ؕ بَارَكَ اللّٰہُ لَنَا وَلَكُمْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَنَفَعَنَا وَاِیَّاكُمْ بِالْاٰیَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِیْمِ ؕ اِنَّهٗ تَعَالٰی جَوَادٌ كَرِیْمٌ مَّلِكٌ قَدِیْمٌ بَرٌّ رَّءُوْفٌ رَّحِیْمٌ وَّرَبٌّ حَلِیْمٌ

ماہِ رجب کی چوتھی جمعہ کا خطبہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَرْسَلَ اِلَیْنَا النَّبِیَّ الْمُخْتَارَ الْمُصْطَفٰی ؕ وَنَزَّلَ عَلَیْهِمَا الْفُرْقَانَ لِیَخْشٰی سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی وَاَوْصَلَهٗ اِلَی الْعَرْشِ الْمُعَلّٰی ؕ نَحْمَدُهٗ عَلٰی هٰذِهِ النِّعَمِ الَّتِیْ لَا تُعَدُّ وَلَا تُحْصٰی ؕ وَنَشْكُرُهٗ عَلٰی مَا فَضَّلَ عَبْدَهٗ بِاِسْرَآئِهٖ لَیْلَةَ الْمِعْرَاجِ فَكَانَ قَابَ قَوْسَیْنِ اَوْ اَدْنٰی ؕ وَنَشْهَدُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ وَنَشْهَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهُ الَّذِیْ تَشَرَّفَ بِرُؤْیَةِ رَبِّهٖ وَقَدْ رَاٰی مِنْ اٰیَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰی ؕ اَمَّا بَعْدُ اِخْوَانِیْ وَخِلَّانِیْ قَدْ شَوَّقْتُكُمْ وَخَوَّفْتُكُمْ وَاَنْذَرْتُكُمْ مِّنَ الدَّرَكَاتِ السُّفْلٰی ؕ وَاَسْمَعْتُكُمْ قُرْبَ تَرَحُّلِ الشَّهْرِ الْمُرَجَّبِ اَلَا قَدْ دَنَا ؕ وَلَمْ یَبْقَ مِنْهُ اِلَّا الْاَدْنٰی ؕ فَهَلْ مِنْكُمْ مَّنْ یُّوَدِّعُهٗ بِصَالِحِ الْاَعْمَالِ وَیَبْكِیْ عَلٰی سَیِّئَاتِ الْاَفْعَالِ ؕ وَیَنْظُرُ قُرْبَ الْاٰجَالِ وَیَتْرُكُ الْهَوٰی ؕ وَهَلْ مِنْكُمْ مَّنْ یَّجْتَنِبُ الطُّغْیَانَ وَیَجْمَعُ الْبِرَّ وَالتُّقٰی ؕ هَلْ مِنْ مُّسْتَغْفِرٍ یَّسْتَغْفِرُ حَضْرَةَ رَبِّهٖ وَیَنْدَمُ عَلٰی مَا كَسَبَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَیُطِیْعُ الْعَلِیَّ الْاَعْلٰی ؕ هَلْ مِنْكُمْ مَّنْ یَّتَوَاضَعُ فِیْ خِدْمَةِ مَوْلَاهُ وَیَتْرُكُ مَا قَدْ مَضٰی

وَهَا سَتُظِلُّكُمْ لَيْلَةُ السَّابِعِ وَالْعِشْرِينَ مِنْ هٰذَا الشَّهْرِ
وَهِيَ لَيْلَةٌ مُبَارَكَةٌ قَدْ عَرَجَ اللّٰهُ فِيهَا بِعَبْدِهِ إِلَى
السَّمٰوَاتِ الْعُلٰى ؛ وَالْتَقٰى بِهِ الْأَنْبِيَاءُ السَّابِقُونَ وَالْمَلَائِكَةُ
الْمُقَرَّبُونَ وَأَمَّهُمْ فِي الْمَسْجِدِ الْأَقْصٰى ؛ وَنَزَلَتْ عَلَيْهِ أَحْكَامٌ
وَاضِحَاتٌ ؛ وَآيَاتٌ مُبَيِّنَاتٌ ؛ وَحَصَلَتْ لَهُ رُؤْيَةُ رَبِّهِ
رَأْيَ الْعَيْنِ لَا كَالرُّؤْيَا ؛ فَيَا لَهَا مِنْ فَضْلٍ مَنْ قَامَ فِيهَا
وَصَامَ نَهَارَهَا حُطَّتْ عَنْهُ أَوْزَارُهُ وَغُفِرَتْ سَيِّئَاتُهُ
وَوَصَلَ إِلَى الدَّرَجَاتِ الْعُلٰى ؛ فَطُوبٰى لِمَنْ تَزَوَّدَ مِنْ
صِحَّتِهِ لِسُقْمِهِ وَمِنْ حَيَاتِهِ لِمَوْتِهِ وَمِنْ شَبَابِهِ لِهَرَمِهِ
وَمِنْ دُنْيَاهُ لِلْعُقْبٰى ؛ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ
لِيَجْزِيَ الَّذِينَ أَسَاءُوا بِمَا عَمِلُوا وَيَجْزِيَ الَّذِينَ أَحْسَنُوا
بِالْحُسْنٰى ؛ طُوبٰى لِمَنْ زَهِدَ فِي دَارِ الْفَنَاءِ لِدَارِ الْبَقَاءِ وَ
تَرَكَ الْكَسْبَ الْحَرَامَ وَاجْتَنَبَ الْآثَامَ وَجَاهَدَ نَفْسَهُ
فَتَزَكّٰى ؛ فَإِنَّهُ لَيْسَ لِلْإِنْسَانِ إِلَّا مَا سَعٰى ؛ وَأَنَّ سَعْيَهُ
سَوْفَ يُرٰى ؛ طُوبٰى لِمَنْ كَسَرَ نَفْسَهُ عَنِ الشَّهَوَاتِ ؛
وَاعْتَادَ تَحْصِيلَ الْحَسَنَاتِ ؛ وَتَأَهَّبَ لِصِيَامِ رَمَضَانَ
بِتَرْكِ الْهَوٰى ؛ طُوبٰى لِمَنْ تَرَكَ الْكَذِبَ وَالنَّمِيمَةَ
وَالْغِيبَةَ وَنَقّٰى نَفْسَهُ مِنَ الْبُغْضِ وَسُوءِ الظَّنِّ بِالْمُسْلِمِينَ
وَالْحَسَدِ عَلٰى مَا أَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ وَخَافَ الْبَطْشَ

رَبِّهٖ فَاِنَّهٗ شَدِيْدُ الْبَطْشِ شَدِيْدُ الْقُوٰى ؛ وَوَيْلٌ
ثُمَّ وَيْلٌ لِّمَنْ مَّاتَ قَبْلَ اَنْ يَّمُوْتَ ؛ وَفَاتَ قَبْلَ اَنْ
يَّفُوْتَ ؛ وَنَامَ قَبْلَ اَنْ يَّنَامَ وَانْهَمَكَ فِى اكْتِسَابِ
الْاٰثَامِ وَوَدَّعَهٗ رَبُّهٗ وَقَلٰى ؛ فَهُوَ الشَّقِىُّ الَّذِىْ
شَقِىَ فِىْ بَطْنِ اُمِّهٖ وَطَغٰى ؛ فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِى
النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ خَالِدِيْنَ فِيْهَا دَائِمًا
اَبَدًا ؛ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِى الْجَنَّةِ يَتَّكِـُٔوْنَ فِيْهَا
عَلَى الْاَرَآئِكِ وَيَتَنَعَّمُوْنَ فِيْهَا اَبَدًا اَبَدًا

حمد ہے اللہ کو بے انتہا ۔ ہیں نبی مختار جس کے مصطفیٰ
پاک ہے وہ ذات جس نے ایک شب ۔ اپنے بندے کو کرائی سیر سب
وہ اوٹھا کر اوسکو از بالائے فرش ۔ لے گیا قدرت سے اپنی تا بعرش
ہیں اوسی معبود کو یہ قدرتیں ۔ ہیں اوسی محبوب کو یہ رفعتیں
ایک ہی بے شبہہ رب پاک ذات ۔ اوسکے ہیں اسمائے حسنیٰ با صفات
اور محمد ہیں رسول اللہ کے ۔ جو مشرف اوسکی رویت سے ہوئے
شب کو اوٹھکر خانۂ کعبہ سے جو ۔ آسمانوں پہ گئے معراج کو
گھر سے لیکر مسجد اقصیٰ تلک ۔ مسجد اقصیٰ سے تا ہفتم فلک
پھر وہاں سے عرش اور کرسی پہ سب ۔ لے گئے تشریف وہ نزدیک رب
لامکاں پر جا ہوا اونکا مقام ۔ حق تعالیٰ سے ہوئے وہ ہمکلام
رویت اللہ کی دولت ملی ۔ دین و دنیا کی اونہیں نعمت ملی

مرحبا کیا قرب حق حاصل ہوا ‏ دو کمان سے فرق کم باقی رہا
اسجگہہ احکام دین نازل ہوئے ‏ ہر طرح جیسے آپ وان کامل ہوئے
وحی سے ممتاز اونھین حقنے کیا ‏ جو کہا حق نے وہ حضرت نے سنا
اسقدر وان نعمتین بخشین اونھین ‏ جنکا احصا غیر ممکن ہے ہمین
آسمانون پر ملے خیر الانام ‏ انبیا سے اور فرشتون سے تمام
اور امامت مسجد اقصےٰ مین کی ‏ انبیا کی اور سب ارواح کی
کیا شرف ہے واہ سبحان الالٰہ ‏ دشمنون کی آنکھ مین خاک سیاہ
واپس آئے شاد اور خوشحال وہ ‏ نعمتون سے ہو گئے مالا مال وہ
لوٹکر آئے تو بستر گرم تھا ‏ سر تلے کا اونکے تکیہ نرم تھا
معجزہ بھی ہے یہ اور معراج بھی ‏ جسنے کی تصدیق اس معراج کی
ہو گیا اللہ کا صدیق وہ ‏ جو ہوا منکر ہوا زندیق وہ
خواب مین معراج اونکی یہ نہ تھی ‏ بلکہ بیداری مین تھی اے متقی
صاحب معراج پہ یارب مدام ‏ ہو درودین لاکھ تیری اور سلام
ہان ہوئی جس شب کو معراج نبی ‏ تھی وہ ستائیسوین اس ماہ کی
بس کرے اس شب مین جو کوئی قیام ‏ اور پھر روزہ رکھے دنمین تمام
اوسکے ہلکے ہونگے سب بار گناہ ‏ اور خطائین بخشدیگا سب الٰہ
اور پھر جنت مین ہون درجے بلند ‏ پس ہو خوشخبری اوسے اے ہوشمند
قدر کرنا چاہئے اس رات کی ‏ اسمین تو غفلت نکرنا اے ذکی
جو کرے صحت مین شکر ذو الجلال ‏ زندگی مین موت کا رکھے خیال

اور جوانی مین بڑھاپے کا گمان
اور رکھے دنیا مین عقبی کا دھیان

زہد و تقوی اوسکا اکثر کام ہو
محترز از جملہ آثام ہو

تزکیہ وہ نفس کا اپنے کرے
راہ مولے مین قدم بڑھکر دھرے

رات اور دن یاد وہ رب کی کرے
اتباع سنت نبوی کرے

چھوڑدے وہ غیبت و بغض و حسد
جھوٹ بکنا اور گمان سوء بد

اور گرفت رب سے ڈرتا ہر گھڑی
کیونکہ ہے اوسکی گرفت از حد کڑی

اور ابھی سے مستعد وہ ہو رہے
ماہ رمضان المبارک کیلئے

پس وہ بندہ دوست ہو اللہ کا
لیس للانسان الا ما سعے

اور جو محروم نیکی سے رہا
اور گناہون غفلتون مین وہ پھنسا

پس وہ مادر زاد ہے بندہ شقی
غیر توبہ کر مرے تو دوزخی

اے خدا کے بندو اب نیکی کرو
اور خدائے پاک سے ڈرتے رہو

اے وہ ذات پاک سبحان الذی
جسنے بھیجا مصطفی احمد نبی

سیر اونھین جسنے کرائی رات مین
مسجد اقصے تلک اک بات مین

سب ہمارے بخشدے جرم و خطا
واسطے سے صاحب معراج کا

اور اونھین کے صدقہ مین کر یا سلام
اپنے شہر پاک مین میرا قیام

پھر تشید خستہ کو اے پاکذات
دے مدینہ طیبہ مین تو وفات

پھر قیامت تک اوسے رکھنا وہین
در جوار رحمۃ للعالمین

یا الہی اسکا مدفن ہو بقیع
ہوت قیامت مین رسول اسکی شفیع

جنکا ہر ارشاد تھا وحی خفی
اونکے صدقے مین مجھے کر جنتی

حشر میں دینا ہمیں دارِ نعیم	حمد ہے تجھکو ہی اے ربِّ رحیم

اَللّٰھُمَّ یَا مَنْ بَعَثَ عَلَیْنَا النَّبِیَّ الْمُصْطَفٰی ؛ وَ اَسْرٰی بِہٖ مِنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصٰی ؛ نَسْاَلُكَ اَنْ تَنْصُرَ مَنْ نَّصَرَنَا وَتَخْذُلَ مَنْ خَذَلَنَا وَاَنْ تَغْفِرَ لَنَا جَمِیْعَ خَطَایَانَا وَ ذُنُوْبَنَا وَاَنْ تُیَسِّرَ لَنَا الْاِقَامَةَ بِبَلَدِكَ اِلٰی اَنْ نُّتَوَفّٰی بِجِوَارِ شَفِیْعِنَا الْمُجْتَبٰی ؛ وَاَنْ تُدْخِلَنَا دَارَ التَّاْبِیْدِ وَ تُنَجِّیَنَا مِنَ الدَّرَكَاتِ السُّفْلٰی ؛ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ الرَّبِّ الرَّحِیْمِ ؛ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؛ وَالنَّجْمِ اِذَا ھَوٰی مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰی ؛ وَ مَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی ؛ بَارَكَ اللّٰہُ لَنَا وَلَكُمْ بِالْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ ؛ وَنَفَعَنَا وَاِیَّاكُمْ بِالْاٰیَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِیْمِ ؛ اِنَّہٗ تَعَالٰی جَوَادٌ كَرِیْمٌ مَّلِكٌ قَدِیْمٌ بَرٌّ رَّؤُفٌ رَّحِیْمٌ وَّرَبٌّ حَلِیْمٌ

ماہِ رجب کی پانچویں جمعہ کا خطبہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلِیِّ التَّوْفِیْقِ وَالْھِدَایَةِ ؛ اَلَّذِیْ بَعَثَ عَلَیْنَا لِھِدَایَتِنَا رُسُلًا وَّ اَنْبِیَاءَ وَ اَوْلِیَاءَ وَعُلَمَاءَ ذَوِی الْفَطَانَةِ وَالدِّرَایَةِ ؛ اَحْمَدُہٗ حَمْدًا كَثِیْرًا عَلٰی اَنْ بَیَّنَ لَنَا الْاَحْكَامَ وَ اَوْضَحَ لَنَا الْحَلَالَ وَالْحَرَامَ وَحَفِظَنَا مِنَ الْغَوَایَةِ ؛ وَاَشْكُرُہٗ شُكْرًا كَبِیْرًا عَلٰی اَنْ مَّنَّ

علينا بتضاعف الحسنات في الأزمنة المتبركات
وجعلها لنا حمايه، أشهد أن لا إله إلا هو وحده
لا شريك له في البداية والنهايه، وأن سيدنا
محمدا عبده ورسوله المبعوث بشرف السعايه
أما بعد فيا أهل الفهم والدرايه، انظروا إلى
انقلاب الزمان، وتقلب الدوران، كلما مضت
لمحة نقص عمركم وقرب أجلكم فما هذا الانهماك
في الجنايه، تفكروا فيما إذا لحق بكم الموت، وضرب
عليكم طبل الفوت، فوقعتم في الوصايه، تدبروا
فيما إذا تعجل أحبابكم في تدفينكم وأصحابكم في
تكفينكم كأن لم تكن بينكم وبينهم مودة ولا
رعايه، يذهب معكم إلى مضجعكم ثلاثة الأموال
والأولاد والأعمال فيرجع اثنان ويبقى الثالث قرينا
بكم ناصبا للرايه، فإن كانت حسنة فطوبى لكم
وإن كانت سيئة وقعتم في الكنايه، كيف بكم
إذا سألكم الملكان عن ربكم وعن دينكم وعن
نبيكم فتفكروا فيما تجيبونهما به فإن أجبتم بالصواب
فنعما هو وإن زل لسانكم وقعتم في حضرة الهلاكه
كيف بكم إذا ضغط بكم القبر ضغطة تختلف منها

أَضْلَاعُكُمْ وَأَظْلَمَتْ عَلَيْكُمْ قُبُورُكُمْ فَوَقَعْتُمْ فِي
الْحَسْرَةِ وَالنَّدَامَه ؛ اَلْقَبْرُ رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ
أَوْ حُفْرَةٌ مِنْ حُفَرِ النَّارِ ذَاتِ الْوَقُودِ وَالشَّرَارَه ؛ فَمَنْ
صَلُحَتْ أَعْمَالُهُ فُتِحَتْ لَهُ فِيهِمَا أَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَوُسِّعَ
لَهُ مَضْجَعُهُ إِلَى أَقْصَى الْغَايَه ؛ وَمَنْ خَبُثَتْ أَعْمَالُهُ
وَقَعَ فِي الْعَذَابِ وَالنِّكَايَه ؛ تُحِيطُ بِهِ الْعَقَارِبُ
وَالْحَيَّاتُ ؛ وَتُفْتَحُ لَهُ أَبْوَابُ النَّارِ ذَاتِ الطَّبَقَاتِ
وَيُمَزَّقُ كُلَّ مُمَزَّقٍ ؛ وَيُفَرَّقُ كُلَّ مُفَرَّقٍ ؛ فَعِنْدَ ذَلِكَ
يَتَحَسَّرُ وَلَا تَنْفَعُهُ الْحَسْرَه ؛ وَيَتُوبُ وَلَا تُفِيدُهُ الْإِنَابَه
وَقَدْ وَرَدَ فِي الْخَبَرِ عَنْ سَيِّدِ الْبَشَرِ إِنَّ الْقَبْرَ أَوَّلُ
مَنْزِلٍ مِنْ مَنَازِلِ الْآخِرَه ؛ فَمَنْ نَجَا مِنْهُ فَمَا بَعْدَهُ
أَيْسَرُ مِنْهُ وَمَنْ هَلَكَ فِيهِ وَقَعَ فِي الْغَوَايَه ؛ وَوَرَاءَ
ذَلِكَ يَوْمٌ هَوْلُهُ شَدِيدٌ وَهَمُّهُ مَدِيدٌ لَا
تَنْفَعُ فِيهِ قَرَابَةُ الْأُخُوَّةِ وَلَا رَابِطَةُ الْوِلَادَه ؛ يَوْمَ
يَفِرُّ الْمَرْءُ فِيهِ مِنْ أَخِيهِ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ وَصَاحِبَتِهِ
وَبَنِيهِ وَعَنْ كُلِّ مَنْ كَانَتْ بَيْنَهُ وَبَيْنَهُ مَوَدَّةٌ
وَرِعَايَه ؛ فَاللهَ اللهَ عِبَادَ اللهِ اتَّقُوا اللهَ وَقُولُوا
قَوْلًا سَدِيدًا يُصْلِحْ لَكُمْ أَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوبَكُمْ
وَتُفَاضُ عَلَيْكُمْ بِحَارُ الْعِنَايَه ؛ وَيَصِلُكُمْ بِآلَاءِ الْأَرْكَانِيَّ

مِنَ الصَّلٰوةِ وَالْحَجِّ وَالزَّكٰوةِ وَصَوْمِ رَمَضَانَ فَمَنْ اَضَاعَهَا ضَاعَ نَصِيْبُهُ وَلَمْ تَكُنْ لَهُ وِقَايَةٌ ۞ وَعَلَيْكُمْ بِالْاِجْتِنَابِ الْمُنْكَرَاتِ ۞ وَالْاِجْتِهَادِ فِي الطَّاعَاتِ ۞ لَاسِيَّمَا فِيْ هٰذِهِ الْاَيَّامِ ذَوِي الْعِزِّ وَالشَّرَافَةِ فَقَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ بِاَنْ جَعَلَ لَكُمْ شُهُوْرًا مُتَبَرِّكَةً وَاَيَّامًا لَّهَا عَظَمَةٌ وَكَرَامَةٌ ۞ فَلَا تَنْتَهِكُوْا حُرُمَاتِ اللّٰهِ فِيْهَا وَلَا تُضَيِّعُوْا اَوْقَاتَكُمْ فِيْهَا وَاغْتَنِمُوْا هٰذِهِ الْاَوْقَاتَ فَعَسٰى اَنْ تُفَارِقَكُمْ فَتَلْحَقَكُمْ حَسْرَةٌ وَنَدَامَةٌ ۞ وَقُوْلُوْا مِنْ صَمِيْمِ الْفُؤَادِ

حمد کر اللہ کی اے با خدا	جسکی جانب سے ہے توفیق اور ہدا
جسنے بھیجے انبیاء و اولیا	اور عالم صاحب فہم و ذکا
جسنے سکھلائے ہمین احکام تام	جتنی باتین ہین حلال اور یا حرام
اور بچایا ہے ہمین بد راہ سے	حمد ہے اور شکر اوسکے واسطے
ہے وہ واحد لاشریک لہ سدا	کچھ نہ اوسکی ابتدا نے انتہا
ہین محمد اوسکے پیغمبر بڑے	سعی حق کو جو کہ ہین بھیجے گئے
بعد ازین اے اہل فہم و عقل و ہوش	انقلاب دہر پر تم رکھو گوش
ساعتین جاتی ہین جتنی دمبدم	عمر ہوتی جاتی ہے اوتنی ہی کم
موت ہوتی جاتی ہے نزدیک تر	پھر ہو تم کیون منہمک ہان اسقدر
کیون نہین کرتے ہو پھر تم فکر موت	جبکہ آپہنچا ہے تمپر لیل فوت

غوران باتون پہ تم اکثر کرو — پہلین جب یار تمکو دفن کو
ساتھ جائین وان تمہارے العزیز — مال و اولاد و عمل یہ تین چیز
لوٹکر آجائین بعد دفن دو — مال اور اولاد بس اے صاحبو
باقی رہجائین وہان اعمال یک — ساتھ دین جو وہ تمھارا حشر تک
پس اگر اچھے ہون وہ آذیشان — تو وہ مدفن تمپہ ہو باغ و بہار
قبر مین رہنا مبارک تمکو ہو — بعد اوسکے حشر مین بھی خیر ہو
اور وہ پسماندہ عمل ہون گر خراب — تب تو تم پڑ جاؤ آفت مین شتاب
تم سے پوچھین آنکر منکر نکیر — رب ہے دین ہے اور نبی ہے ناگزیر
بد عمل سے کچھ نہ بن آئے جواب — ہو پریشان سنکے یہ وہ ناصواب
